تمام حقوق محفوظ ہیں

مرتب کے قلمی دستخط کے بغیر مسروقہ تصور ہوگی

(۷۸۶)

ھو العزیز

تحفۂ سالانہ

یا

رپورٹ جلسہ سالانہ ۱۸۹۷ء

مرتبہ

احقر العباد شیخ یعقوب علی تراب ایڈیٹر الحکم قادیان

جنوری ۱۸۹۹ء میں

انوار احمدیہ پریس قادیان میں شیخ یعقوب علی مالک کے

اہتمام سے شائع ہوئی

تعداد جلد ۷۰۰

قیمت ایک روپیہ

عرض حال

قادیان
۳۱ جنوری ۱۸۹۹ء

طے ہوئی آج کی منزل میں مسافت میری

لاریب رپورٹ کی اشاعت میں امید سے بڑھ کر اور معمول سے زیادہ دیر ہو گئی ہے۔ اور اس اثنا میں ہمکو بارہا اپنے قدر دان ناظرین سے شرمندہ ہونا پڑا۔ مگر چونکہ اول ہی اول مرتبہ یہ کام شروع کیا گیا ہے اور پھر قادیان جیسے گاؤں میں پریس کی معمولی دقتیں اور بعض مالی مشکلات ایسے امور تھے جنہوں نے مجبوراً ہم کو اس التوا اور تصویق کیوجہ سے بزرگ فرماؤں کی شکائتوں کا مورد بنایا۔ بہر نمط جو کچھ ہوا سو ہوا۔ اب ہم اس رپورٹ کو ناظرین کی خدمت میں پیش کرتے ہیں ہمکو کامل امید ہے کہ رپورٹ ہذا بجائے خود اُن تمام فروگذاشتوں اور توقف کا نعم البدل ہو کر قبولیت حاصل کر سکے گی اور اسلئے دیر آید درست آید کی مصداق ہوگی۔ اس امر کا اظہار بھی ضروری معلوم ہوتا ہے کہ جناب مولانا مولوی سید محمد احسن صاحب امروہی کی تقریریں بایں وجہ کہ وہ اپنی بعض مجبوریوں کیوجہ سے لکھ نہ سکے اور ہم انکو مرتب نہ کر سکے شامل نہ ہو سکیں تاہم مولویصاحب نے ہم سے وعدہ کیا ہے کہ اگر موقع ملا تو وہ اپنی تقریروں کو تحریری لباس میں کسی دوسرے وقت شائع کرنے کیلئے دینگے۔ آخر میں ہم جناب مولانا مولوی عبد الکریم صاحب سیالکوٹی سے تہ دل سے شکر گذار ہیں کہ انہوں نے اس رپورٹ کی ترتیب اور اشاعت میں باوجود بیحد معروفیوں کے بساط سے بڑھ کر امداد دی ہے اور سچ پوچھو تو وہی اسکے محرک۔ مرتب کہلا سکتے ہیں جزاہم الله احسن الجزاء یہ بھی بڑی بے انصافی ہو گی اگر ہم اُن عنایت فرماؤں کے شکر گذار نہوں جنہوں نے محض اس خیال سے کہ ایک تو حضرت اقدس کے مشن کی اشاعت ہو اور دوسرے اخبار الحکم کی مالی امداد ہو جاوے اس رپورٹ کی متعدد جلدیں خرید فرمائی چنانچہ وہ گرامی قدر اصحاب ذیل میں اور انکے نام پر ہی ہم اسکو ختم کرتے ہیں ہماری دعا ہے کہ خدا تعالیٰ قبولیت بخشے اور جس غرض کیلئے اسکو مرتب کیا ہے اور جس منشاء کے لئے ہمارے معاونوں نے اسکی اشاعت میں کوشش کی ہے وہ غرض پوری کرے اور اُنکو جزائے خیر دے۔

اسماء معاونین

جناب مرزا خدا بخش صاحب تحصیلدار مالیر کوٹلہ	۱۰۰ جلد	جناب پیر قمر الدین صاحب	۵۰ جلد
منشی نبی بخش صاحب کمپا نیز شملہ	۲۵ جلد	چوہدری رستم علی صاحب کورٹ انسپکٹر	۴۰ جلد
جماعت سیالکوٹ	۵۰ جلد	مولوی سید محمد احسن صاحب امروہی	۵۰ جلد
منشی نواب خاں صاحب تحصیلدار	۵۰ جلد	جماعت کپور تھلہ	۲۵ جلد

[illegible] ۵۰ جلد [illegible]

شیخ یعقوب علی ایڈیٹر الحکم قادیان۔

نوٹ:۔ مولوی سید محمد احسن صاحب کی تقریریں بوجہ اس کے کہ کتاب کا حجم ایسا بڑھ گیا علیحدہ شائع ہونگی۔

انٹروڈکشن

الحمد للہ رب العالمین والصلوۃ والسلام علے رسولہ محمد
وآلہ واصحابہ اجمعین

جب سے انسانی ہستی کا پتہ لگتا ہے اُسی وقت سے ہم خدا تعالیٰ کا یہہ بندھا ہوا اٹل قانون پاتے ہیں کہ بنی نوع انسان کی روحانی بھلائی اور اُس پر اپنی مرضی کے اظہار کیلئے وہ اُن میں ہی سے ایک نہ ایک برگزیدہ شخص کو مامور کر کے بھیجتا رہا ہے جس نے عین وقت پر اکر قوم اور ملک کی روحانی ضرورتوں کو پورا کرنا چاہا ہے - ایسی حالت میں کہ ہم عام طور پر صحیفہ فطرت میں ضرورت رسالت پر مفصل اور واضح دلایل لکھے ہوئے دیکھتے ہیں - کوئی ضرورت نہیں سمجھتے کہ اپنے طور پر اُسکو کوئی رنگ دیں - کیونکہ نادان سے نادان انسان بھی اگر ذرا غور کرے تو اُسکو معلوم ہوگا کہ جس حال میں رحمٰن خدا نے انسان کی بلا خواہش بلا درخواست اور اُس کے کسی عمل کی جزا کے بدون اُسکی زندگی کے عام سامان - ہوا - پانی وغیرہ بنا دیے ہیں کیا وہ خدا جس نے ارضی اشیاء اور آسمانی اجرام کو ایک انسان کی خاطر میں مسخر کر رکھا ہے ؟ ایسا خدا ہو سکتا ہے کہ اُسکی روحانی ضرورتوں کی تکمیل نہ کرے ؟ اور اُس پر اپنی مرضی ظاہر نہ کرے ؟ ہرگز نہیں - کوتاہ اندیش برہمو کی بڑی بھاری غلطی ہے کہ وہ خدا کو ایک گونگا خدا مانتا ہے - کاش وہ صحیفہ فطرت پر ذرا نظر کرتا تو اُسے معلوم ہوتا کہ کیونکہ عین امساک بارش کے وقت جبکہ زمین جلتی اور پکار اُٹھتی ہے خدا تعالیٰ اپنے فضل کے بادل بھیج دیتا ہے - اور کیونکہ رات کے انتہا پر طلوع آفتاب کی دل خوش کن امیدیں نظر آنے لگتی ہیں - ادنیٰ ادنیٰ

باتوں میں تو انسانی ماںحتاج کے حصول کے سامان بہم پہونچائے جائیں اور وہ ضرورت جو تمام ضرورتوں سے بڑھ کر اور جو حقیقت میں انسانی ہستی کا مدعا ہے اُس کے پورا کرنیکا کوئی سامان نہ ہو وہ کبھی ممکن نہیں۔ فطرتی طور پر انسان اپنے اندر ایک پیاس پاتا ہے کہ اُس پر خداتعالیٰ کی مرضی ظاہر ہو۔ پھر کیا یہہ ہو سکتا ہے کہ اُسکے فطرتی ماںحتاج کیلئے کوئی مناسب ذریعہ نہ ہو۔ ہے اور ہمیشہ سے ہے۔ خداتعالیٰ نے ہر ایک زمانہ میں ہر ملک اور ہر قوم میں اپنا مامور بھیج کر اپنی مرضی کو ظاہر کیا اور ظاہر کرتا ہے۔ خدا وہ خدا ہے جو ہمیشہ سے بولتا رہا اور اب بھی بولتا ہے ایسا خدا نہیں جو کسی غیر معلوم زمانہ میں تو انسان سے کلام کرتا تھا اور اب خاموش ہے۔ اور نہ وہ خدا ایسا خدا ہے کہ اُس کو مخلوق کی روحانی بھلائی بجز اسکے نظر ہی نہیں آئی۔ کہ خود مجسّم ہو کر آپ ہی اپنا بیٹا کہلائے طمانچے کھا کر صلیب پر جان دے اور دُنیا میں گناہ کا شوق دلا کر عام قانون میں بھی ایک قسم کا بُرا نمونہ قائم کرے۔ نہیں وہ حی لایموت خدا جو مرنے جلنے سے پاک جسم و حلول سے منزہ ہے ہر زمانہ میں اپنے برگزیدوں سے کلام کرتا آیا ہے اور اپنی مرضی کا اظہار اُن کے ہی ذریعے کیا ہے۔ یہانتک چھٹی صدی مسیحی میں یہہ سلسلہ کمال کو پہونچ گیا۔ اور ہادی کامل صلی اللہ علیہ وسلم نے عرب میں ظہور فرما کر اُن تمام ضرورتوں کی تکمیل کر دی جو قیامت تک انسان کو پیش آنیوالی ہیں چنانچہ یہہ فخر اُسی مقدّس اور کامل انسان کو حاصل ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے مخاطب کر کے فرمایا۔ الیوم اکملت لکم دینکم و اتممت علیکم نعمتی و رضیت لکم الاسلام دینا۔ تکمیل دین بھی ہو چکی اتمام نعمت بھی ہو چکا۔ لیکن چونکہ حضور کے بعد کسی نئے یا پُرانے نبی کا دُنیا میں آنا مسدود ہو چکا تھا۔ اسلئے اللہ تعالیٰ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو یہہ بھی کمال عطا کیا کہ آپ کے سچے متبعین میں سے جو اعلیٰ درجہ کے منازل طے کر لیں اُن کو مامور کر کے تجدید دین کے لئے بھیجنے کا سچا وعدہ فرمایا۔ جیسے کہ آیت استخلاف اور حدیث بعثت مجدد سے ثابت ہے۔

قطع نظر اِن تمام باتوں کے چونکہ عام طور پر عادت اللہ اِسی طرح پر واقع ہے کہ جب دُنیا
اور اہل دُنیا پر گناہ اور اوہام پرستی کی ظلمت چاروں طرف سے آکر اپنا قبضہ کر لیتی ہے اُس وقت
خدا تعالیٰ کی رحمانی صفت جوش مارتی ہے اور اپنے کسی بندے کو جو تیرہ و تار راتوں میں اُٹھ کر
اُس کے جلال کو ظاہر کرنے کے لئے پرسوز دل سے دُعائیں مانگتا اور اُسکی رضا جوئی کے لئے
تمام دُنیا کو چھوڑ دیتا ہے اِس شب تار کا مہتاب اور ماہ منیر ۱۳۱۲ بنا کر بھیجتا ہے۔ پھر وہ
نور آسمان سے اُترتا ہے اور دُنیا کو روشن کرتا ہے۔ نادان اور کوتاہ بین لوگوں کے کان
میں جب یہہ صدا پڑتی ہے کہ آسمان سے ایک خدا کا مرد اُترا ہے تو وہ حیران ہو کر جلد بازی سے
کام لیتے ہیں اور پکار اُٹھتے ہیں کہ ایں! یہہ کیونکر ہو سکتا ہے اُس نے تو اِسی مہد الارض
میں پرورش پائی ہے اور عام انسانوں کی طرح کہاتا پیتا اور انسانی حوائج اپنے اندر رکہتا ہے۔
اور عام بچوں کی طرح پیدا ہوا ہے۔ گو یہہ سچ ہے مگر اُنکی نظر زمین ہی تک محدود ہے۔ ایک معنی
سے وہ زمینی ہوتا ہے مگر دراصل وہ خدا تعالیٰ کے کنار عاطفت میں تربیت پا کر اطفال اللہ
کی طرح نازل ہوتا ہے۔ اور زمینی نہیں بلکہ آسمانی کہلاتا ہے۔ اور ملائکہ کا ایک لشکر اُس کے ساتھ
اُترتا ہے۔ الغرض یہہ سنت اللہ ہمیشہ سے چلی آئی ہے اور چلی جائیگی جب تک کہ امر مقتضیا ہے۔
چونکہ اِس مقدس دین کی حفاظت جسکی تکمیل کی بشارت وہ اپنے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم
کی معرفت سُنا چکا تہا۔ کا ذمہ وار خود خدائے جل و علا ہو چکا تہا جیسا کہ فرمایا۔ انا نحن
نزلنا الذکر وانا لہ لحافظون۔ اِس لئے حفاظت قرآن کریم و حمایت دین قویم کیلئے مجددین کے
سلسلہ کی بشارت دی۔ چنانچہ ہر صدی کے سر پر مجدد مبعوث ہوتے رہے۔ اور چودہویں صدی
چونکہ اپنے فتن کے سبب سے ایک مشہور صدی تہی اِسلئے یہہ بہی پہلے ہی سے مقدر ہو چکا تہا
کہ اِس صدی کا مجدد اپنے فرائض منصبی کے لحاظ سے ایک زبردست مجدد ہوگا۔ جسکی نظیر
کسی پہلے زمانہ میں موجود نہ ہوگی۔ اور چونکہ مثیل موسیٰ کے اتباع سے وہ اِس درجہ پر پہنچا ہوا
ہوگا۔ اِسلئے یہہ بہی ازبس ضروری تہا کہ وہ مسیح ابن مریم کے قدم پر آئے۔ اور عالم ملکوت میں

یہی نام پایا۔ چنانچہ اسی نام سے اللہ تعالیٰ نے اُس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ظاہر فرمایا۔ اور یہہ فتن زیادہ تر مشرق میں ظہور پذیر ہونے والے تہے اسلئے اُسکا مبارک وجود بہی سرزمین مشرق کیلئے باعث فخر ہونیوالا تہا۔ الغرض اُس زمانہ میں جسمیں کہ ہم زندگی بسر کر رہے ہیں جب کہ ہر ایک طرف سے اسلام پر مخالفین اسلام نے حملہ آوری شروع کی اور ہر طرف بدکاریوں اور سیہ کاریوں کی گھنگور گھٹا ایک عالم پر چہارہی تہی۔ ایمان اور اعمال کا نام ونشان اُٹھ گیا تہا۔ خدا پرستی اور خدا نمائی کا وجود تک نہ ملتا تہا۔ اور وہ وقت قریب تہا کہ اس ظلمت اور ضلالت کی شب تار میں سارقان دین اپنا قابو پائیں۔ خدا تعالیٰ نے اپنے مقدس نبی کے ہونٹھوں سے نکلی ہوئی بات کی صداقت ظاہر کی یعنی **آفتاب صداقت** نے مشرق سے طلوع فرمایا۔ وہ کیسی ہی مبارک ساعت اور متبرک گہڑی تہی جب یہہ مقدس انسان آسمان سے اُترا۔ وہ تنہا نہ تہا بلکہ ملائکہ کا ایک زبردست لشکر اُسکے ساتہہ تہا۔ آفتاب مغرب میں غروب ہونیکو تہا کہ یکایک اُس مرد استغباز کے کان میں ایک **صدا** آئی۔ الیس اللہ بکاف عبدہ یہہ تہی پہلی صدا جس نے اُسے یک بیک چونکا دیا۔ اور وہ تمام فرائض مجسم ہوکر اُسکے سامنے آکہڑے ہوئے جن کے لئے وہ مامور ہونیوالا تہا۔ مگر ان سکینت اور تسلیت مجسم فقرہ نے اُسکو اُن تکالیف اور مصائب کو ایک پرِ پشہ سے بہی کمتر بنا دیا جو احکام الٰہی کی تبلیغ میں اُسکو پیش آنیوالی تہیں الغرض قریباً ستائیس سال کا عرصہ گذرتا ہے کہ یہہ **آفتاب صداقت** اپنے اصلی معنوں میں مشرق میں طلوع ہوا۔ اور چونکہ احادیث میں اس آفتاب صداقت کا مطلع **قدعہ** بیان ہوچکا تہا پس قادیان ضلع گورداسپور سے ہی اس نور کا فیضان شروع ہوا۔ یہہ وقت جبکہ الیس اللہ بکاف عبدہ کی صدا اُسکے کان میں آئی وہ وقت تہا جبکہ دنیا میں وہ بالکل ایک بیکس یتیم کی طرح چہوڑا جانیکو تہا اور آفتاب کی غروب ہونیوالی کرنیں اُسکے سر سے اُسکے معزز اور واجب التعظیم والد ماجد کا سایہ بہی اپنے ساتہہ ہی

سر سے اُٹھا دینے والی تھیں۔ فی الجملہ اب وہ وقت آگیا تھا کہ وہ نور دُنیا میں اپنی روشنی پھیلائے چنانچہ اُسکے تھوڑے ہی عرصہ بعد اس مجدد الدہر نے حسب ایمائے الٰہی ایک مبسوط اور لاجواب کتاب کا اعلان دیا جس پر یہہ لکھا۔

کتاب براہین احمدیہ جس کو خدا تعالیٰ کیطرف سے مولف نے ملہم و مامور ہو کر بغرض اصلاح و تجدید دین تالیف کیا ہے جس کے ساتھہ دس ہزار کا اشتہار ہے جسکا خلاصہ مطلب یہہ ہے دُنیا میں منجانب اللہ اور سچا مذہب جس کے ذریعہ سے انسان خدا تعالیٰ کو ہر ایک عیب اور نقص سے بری سمجھہ کر اُسکی تمام پاک اور کامل صفتوں پر دلی یقین سے ایمان لاتا ہے۔ وہ فقط اسلام ہے جس میں سچائی کی برکتیں آفتاب کی طرح چمک رہی ہیں اور صداقت کی روشنی دن کی طرح ظاہر ہو رہی ہے اور دوسرے تمام مذاہب ایسے بدیہی البطلان ہیں کہ نہ عقلی تحقیقات سے اُنکے اصول صحیح ثابت ہوتے ہیں اور نہ اُن پر چلنے سے ایک ذرہ روحانی برکت اور قبولیت الٰہی مل سکتی ہے۔ بلکہ اُنکی پابندی سے انسان نہایت درجہ کا کور باطن اور سیہ دل ہو جاتا ہے جسکی شقاوت پر اسی جہان میں نشانیاں پیدا ہو جاتی ہیں ''

یہہ اشتہار بیس ہزار چھاپ کر انگریزی اور اردو میں تمام مذاہب مشہورہ کے اکابر کے پاس بصیغۂ رجسٹری بھیجا گیا۔ یہی پہلی صدا تھی جو اس مامور نے چار دانگ عالم میں سنائی اس صدا پر ہی جن کے سینے نور دین سے معمور تھے وہ آمنا و صدقنا کہہ کر اُسکے حلقہ بگوش ہو گئے اور انشراح صدر سے پکار اُٹھے ربنا اسمعنا منادیا ینادی للایمان ان امنو بربکم فامنا فاکتبنا مع الشٰھدین۔ کہہ کر ساتھہ ہوئے

اس مبارک کتاب کے اعلان پر یہہ سلسلہ شروع ہوا۔ غرض کتاب شائع ہوئی اور مخالفین کے پاس رجسٹری بھیجی گئی۔ مگر کس کو ہمت اور حوصلہ تھا کہ جواب دیتا۔ اور دس ہزار روپیہ لیتا۔ براہین احمدیہ جو ایک نور اور ہدایت مجسم ہے غالبا ۱۸۸۰ء

میں چھپنی شروع ہوئی۔ اور اُس پر اپنے خیال میں رئیس القوم شیخ محمد حسین بٹالوی نے بڑے شد ومد سے ریویو لکھا اور کتاب کی برکت سے اپنی مغفرت کی دعائیں مانگیں اب یہہ پودہ خدا تعالی کی زیر نگرانی سرسبز ہونے لگا۔ کوتاہ اندیش مخالفوں نے طرح طرح کی اذیتیں شروع کیں استہزا اور تبرا بازی کے تیر چلانے شروع کئے۔ مگر یہہ خدا کا مرد اُن سب کو وہی جواب دیتا تھا جو مامورین کی قوم ہمیشہ سے حق کی مخالفونکو دیتی رہی ہے کہ تم ذرا انتظار کرو صبر کرو۔ اور انجام پر نظر کرو۔ کون کامیاب ہوتا ہے جلد بازی نہ کرو۔ آخر خدا تعالی نے اپنی چمکار دکھانی شروع کی اور لوگوں کے دلوں میں عام طور پر ایک زبردست تحریک ہونے لگی۔ یہانتک کہ وہ وقت آگیا کہ آج سے آٹھہ سال پیشتر باعلام الہی اس امر کو ظاہر کیا گیا کہ مسیح ابن مریم جو انیس سو سال پیشتر ناصرت کی بستی میں پیدا ہوا تھا اپنی طبعی موت سے وفات پاکر مقربین میں جا ملا اور وہ مسیح ابن مریم جو وعدے کیموافق آنیوالا تھا اُس کے رنگ میں تو آیا ہے یہہ اُس مجدد کیطرف اشارہ تھا جو دُنیا میں مرزا غلام احمد کے نام سے اور عالم ملکوت میں ابن مریم کے نام سے پکارا گیا ہے اب کیا تھا ایک شور عالمگیر برپا ہوا۔ یہانتک کہ وہی ایک ریویو نویس مولوی سب سے پہلے مخالفت پر اٹھا اور براہین احمدیہ کے الہام کی صداقت کی دلیل ٹھہرا جس میں اُسکی تکفیر بازی کی طرف اشارہ تھا۔ اب ایک عالمگیر جنگ مذہبی دُنیا سے چھڑ گئی۔ پادری۔ برہمو۔ دہریہ۔ آریہ۔ فلاسفر تو پہلے ہی سے مخالف تھے۔ جو کچھہ مسلمان باقی تھے وہ بھی مخالف ہوئے۔ چونکہ ہم کو مختصر طور پر ان واقعات سے گذر جانا ہے اس لئے ہم صراحت اور توضیع نہیں کر سکتے البتہ ان ساری کیفیتوں کو انشاء اللہ **تصدیق براہین احمدیہ** میں مفصل بیان کرینگے۔ اس مخالفت میں زمینی خیالات اور عام اسباب پرست انسان یہی فتوے دیکھتے تھے کہ اب وہ وقت آیا ہے کہ یہہ انسان جو **ابن مریم** اور مجدد و مہدی ہونیکا مدعی ہے آج نہیں تو کل

نابود ہوجائیگا اور وہ وقت قریب ہی کہ اُسکا نام ونشان صفحہ ہستی سے اُٹھ جاوے - لاریب ایسا ممکن تہا نہیں بلکہ یقینی تہا - اگر وہ خدا تعالٰے کے زبردست ہاتہہ کے سایہ میں نہ ہوتا - وہ تو خود پکار پکار کر کہتا تہا کہ اگر میں مفتری ہوں تم کیوں اس امر کو خدا کے فیصلہ پر نہیں چھوڑ دیتے کیا وہ مفتری کو مہلت دیگا ؟ مگر ان زمینی اور سطحی خیالات کے آدمیوں کے دل میں وہ سکینت وہ توکل اور خدا پر پورا بھروسہ کہاں جو اس مرد خدا کو حاصل تہا - ادہر سے کفر اور لعنت کی بوچھاڑ ہوتی تھی مگر ہر ایک آن میں اُسی انت اول المومنین کی اطمینان سے بھری ہوئی صدائیں آرہی تہیں خدا تعالٰی ہر وقت اُسے تسلی دیتا اور اپنی قدرت نمائیوں کے سچے وعدے کرتا اور اولوالعزموں کی طرح صبر کی تعلیم دیتا تہا - اس جنگ میں جیساکہ قاعدہ ہے آخر والعاقبة للمتقین راستبازی کی فتح ہوئی اور یہہ **مرد خدا** ہی غالب آیا -

اُسوقت تک قادیان میں لوگوں کی آمدرفت بہت کم تہی - مگر اب خدا کے فضل سے ایک وسیع سلسلہ مہمانوں کی آمدرفت کا شروع ہوا - یہاں تک خدائے عظیم نے بشارت دی وسع مکانک ویاتون من کل فج عمیق -

ایک سلیم الفطرت اور مستقیم طبیعت کا انسان اُن واقعات پر جو آج تک اُس مرد خدا کے ساتہہ ہوچکے ذرا ٹھنڈے دل سے غور کرے تو ہم کہہ سکتے ہیں کہ اُسے بجز تسلیم چارہ ہی نہ رہیگا - چونکہ ہم کو حضور امام ہمام علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دعاوے پر دلایل لکہنے اس وقت مقصود نہیں بلکہ اجمالی طور پر ۱۸۹۷ء کے واقعات جو اس آلہی مشن کے لیڈر اور اُسکی جماعت کے ساتہہ پیش آئے بیان کرنا ملحوظ ہیں اس لئے ہم اُن دلائل کو اس وقت بیان کرنے کی ضرورت نہیں سمجہتے کیونکہ یہہ واقعات بجائے خود ایک روشن اور بیّن دلیل ہیں ہاں مختصر طور پر ہر ایک سن کا کچہہ ذکر کریں گے -

براہین احمدیہ کے زمانہ سے لیکر جبکہ تجدید دین اور مجدد والدہر ہونیکا اشتہار باعلام الٰہی دیا گیا تھا ایک عرصہ تک ایک قسم کی خاموشی چھائی ہوئی تھی معدودے چند انسان ساتھ تھے جو کبھی کبھار قادیاں بھی آ جاتے تھے اور خود حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام بھی دارالامان ہی میں جاگزین تھے لیکن چونکہ ہر ایک کام اپنے اپنے وقت پر ہوتا ہے ۱۸۸۶ء میں حضور کو ہوشیارپور کی طرف تشریف لیجانے کا اتفاق ہوا۔ جہاں وہ عظیم الشان مباحثہ پیش آیا جو ہندوؤں کے ایک بڑے بھاری ریفارمڈ فرقہ آریہ سماج اور حضور کے درمیان ہوا اور جس میں بڑے بڑے سربرآوردہ اور معزز لوگ شامل تھے جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ سرمہ چشم آریہ جیسی زبردست کتاب بیش بہا معارف اور حقائق کے جواہر سے لبریز پانچسو روپیہ کے انعام پر شایع ہوئی۔ اُسکے بعد ایک بہت بڑا اعلان صداقت اسلام کی غرض سے شائع ہوا۔ جو چالیس روزہ دعوت اور ایک سال کی دعوت کا اعلان کہلاتا ہے جس میں مخالفین مذہب اسلام کو خدا تعالیٰ کے ید قدرت کا نمونہ دکھلانے کی بشارت دیگئی تھی اور بصورت عاجز آنیکے دوسو روپیہ ماہوار تک کا ہرجانہ دینا بھی منظور کیا گیا تھا۔ مگر کیا کسی میں سکت اور حوصلہ تھا کہ آتا اور مقابلہ کرتا؟ ہرگز نہیں۔ اس مقابلہ سے غرض صرف یہہ تھی کہ تا اس زمانہ میں جبکہ فلسفی مزاج لوگ معجزات اور خوارق کو بے اصل سمجھتے اور قصہ قرار دیتے ہیں دکھایا جاوے کہ یہہ اسلام ہی کا خاصہ ہے کہ اُسکے برکات اور فیوضات پیچھے نہیں رہ گئے بلکہ ہر زمانہ میں آفتاب کی طرح روشن ہیں۔ اس کے بعد پھر چند دعوتی اشتہار شایع ہوتے رہے اور ایک کتاب شحنۂ حق لکھی گئی۔

شحنۂ حق کے بعد پھر ایک زمانہ آیا کہ عام طور پر یہہ اعلان نہیں ہوا لیکن ۱۸۸۹ء کا مبارک سال شروع ہوا جبکہ اس مجدد کو اللہ کریم نے اپنے خاص انعام سے بشارت دی کہ تو بیعت کیلئے لوگوں کو بلا۔ اب تبلیغ کا سلسلہ ایک بڑے بحر مواج کی طرح چلا۔

ناعاقبت اندیش لوگ ہر ایک قسم کی رکاوٹیں ڈالنا چاہتے تھے۔ مگر بھلا مخلوق کی خالق آگے کیا پیش جاسکتی تھی وہ خس و خاشاک کی طرح اُس رو میں بہتے چلے گئے۔ سلسلہ بیعت میں لوگ شامل ہونے لگے۔

*۱۸۹۱ء میں باعلام الٰہی یہہ اعلان دیا گیا کہ ابن مریم المسیح تو ہی ہے۔ پھر کیا تھا اب کامل طور پر مامور من اللہ ہونے کا خلعت مل گیا اور وہ غرض و غایت جو اس نور کے دنیا میں اُترنے کی تھی ظاہر ہوگئی۔ چنانچہ اُسی سال میں **فتح اسلام۔ توضیح مرام** دو رسالے اپنے دعوے کے ثبوت میں بہت سے حقائق اور معارف عالیہ سے معمور شایع کئے۔ اِسی سال

---

* ۱۸۹۱ء بڑے معرکہ کا سال گذرا ہے چنانچہ ۲۰ جولائی ۱۸۹۱ء سے لودیانہ میں اُسی محمد حسین کو نور اللہ کو اپنی پھونک سے بجھانیکی کوشش کرنیکے لئے اُس مرد خدا کے سامنے آنا پڑا جسکی تعریف میں وہ اپنے ریویو میں لکھہ چکے تھے کہ مولف براہین الوہیت غیبی سے تربیت پاکر مورد الہامات غیبیہ و علوم لدنیہ ہوتے ہیں اور دوسرے مقام پر کہا ہے کہ کیا کسی مسلمان متبع قرآن کے نزدیک شیطان کو بھی قوت قدسی ہے کہ وہ انبیاء و ملائکہ کی طرح خدا کی طرف سے مغیبات پر اطلاع پائے۔ اور اُسکی کوئی بات غیب و صدق سے خالی نہ جائے۔ اِس میں اُنہوں نے یہہ ثابت کیا ہے کہ حضرت اقدس مرزا صاحب قوت قدسیہ رکھتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اُنکو غیب کی باتوں پر اطلاع دیتا ہے۔ غرض یہہ میدان مناظرہ لودیانہ تجویز ہوا۔ جو خدا تعالیٰ کے ارشاد کے موافق ایک مقدس اور مبارک سفر کا مقام تھا۔ یہانتک کہ آخر بارہ روز کے بعد ہر کہ تف زند ریشش بسوے والا معاملہ ہوا۔ اور شیخ محمد حسین صاحب جس عزت و توقیر کے ساتھہ واپس آئے اُسکو ایک دُنیا جانتی ہے۔ ہاں جاننے میں اتنا فرق ضرور ہے کہ انی مہین من اراد اہانتک کے الہام کی صداقت کا مزا پانے والے اُسے اور لطف سے دیکھتے ہیں اور جس پر یہہ الہام وارد ہوا وہ اُسکو کسی اور نظر سے دیکھتا ہے اور درحقیقت اُسکو وہ دیکھنے کے قابل ہوا ہی نہیں ورنہ اُسے توبہ اور رجوع کے بغیر چارہ ہی نہ ہوتا۔ ابھی یہہ سلسلہ ختم نہیں ہوا

میں جناب امام ہمام علیہ الصلوٰۃ والسلام نے لودیانہ کا سفر بھی کیا۔ چونکہ اس دعویٰ پر بہت کچھ شور مچ گیا تھا۔ اور قریب تھا کہ حسن ظن رکھنے والے بھی بدظن ہو جائیں۔ مگر نہیں صادق القول خدا کی باتیں کبھی ٹل نہیں سکتی ہیں آخر لوگوں کا رجوع بڑھ رہا۔ جوں جوں تکفیر اور سب و شتم پر مولوی لوگ زور دیتے تھے۔ اسی قدر کثرت سے لوگ جوق در جوق آکر سلسلہ بیعت میں شامل ہوتے تھے۔

اسی سال یعنی ۱۸۹۱ء میں جناب امام الزمان سلمہ الرحمان نے عام اعلان کے ذریعہ مخالفین کو اعتراضات اور سوالات کرنیکے لئے مدعو کیا۔ اور ان سوالات کو سلسلہ وار ایک کتاب میں درج کرکے مسلسل جواب دینے کا وعدہ کیا۔ چنانچہ **ازالہ اوہام** نام ایک مبسوط کتاب آٹھ سو صفحہ کے قریب اسی سال میں تیار ہوئی اور **توفی اور الدجال** کے لئے ہزار روپیہ کا انعام بھی مشتہر ہوا۔ جس کو آج تک کوئی نہ لے سکا۔ اور اس المخالفین کو بھی حوصلہ نہ ہوا کہ میدان میں اترتا۔

بقیہ حاشیہ صفحہ ۹ حضرت اقدس کو یہ خیال تحریک الٰہی سے پورے طور پر ہو چکا تھا کہ تبلیغ پیغام الٰہی میں ایک لمبا سفر کیا جاوے۔ چنانچہ اسی خیال سے جناب دہلی تشریف لیگئے۔ اور کئی ہزار مسلسل اور طویل اشتہارات کے ذریعہ عوام اور خواص کو اپنے رب کی منادی سنادی اور وہ آواز جس کے لئے حکم است ز آسمان بزمین میرسانمش وارد ہے۔ ایک بار تو دہلی والوں کے کان تک ہی پہونچا کر چھوڑا۔ دہلی والوں کی حالت زار پر جو کچھ ہمارے مخدوم و محسن حضرت مولانا مولوی عبدالکریم صاحب سلمہ اللہ نے مباحثہ دہلی کی اشاعت والے الحق کے اٹیر و ٹکشن میں لکھے ہیں اور یا جو جیسے ہمارے مکرم سید حامد شاہ صاحب سلمہ اللہ نے دعوت دہلی میں اتارا ہے۔ اس سے اچھا اب نقش ثانی ہم سے تو نہیں کھینچ سکتا۔ اور نہ ہم اس میدان میں شامل تھے۔ غرض ایک عرصہ تک تبلیغ حق ہوتی رہی آخر دہلی میں بھی ایک مباحثہ کی بنیاد پڑی شیخ الکل یا دوسرے علماء دہلی کو تو اتنا حوصلہ اور سکت نہ ہوئی کہ حجلہ نشینی سے نکل کر آتے مگر ان سب کا کفارہ مولوی محمد بشیر صاحب بھوپالی ہو کر آئے مگر حق کی تاب کون لا سکتا ہے آخر وہ بھی چند روز تک نقد کی بحث میں خفت اٹھا کر اور حضرت اقدس کی صداقت پر مہر لگا کر چل دیئے۔

پھر سنہ ۱۸۹۱ء کے مبارک سال ہی میں جالندھر اور کپورتھلہ کا بھی سفر ہوا۔ اور دہلی سے واپسی کے وقت پٹیالہ بھی ٹھہرے
۱۸۹۲ء کے شروع میں پھر جناب امام الوقت سلمہ الرحمان بموجب ارادہ الٰہی تبلیغ احکام
الٰہی کے لئے سفر پر نکلے اور فروری کے آخری نصف میں اپنے قدوم میمنت لزوم سے
اہل لاہور کو عزت اور برکت بخشی۔ مگر افسوس ہے کہ چند سعید الفطرت اشخاص کے سوا اکثروں
نے اس مبارک روشنی سے اپنی تاریکی دل کو دور نہ کیا۔ اسجگہ بھی ایک مباحثہ کا واقعہ ہوا
جو کسی مولوی عبدالحکیم صاحب نصیر آبادی سے ہوا۔ مگر خدا کی شان اور قدرت کو دیکھو کہ اہل لاہور
میں سے کسی کو حوصلہ اور جرات نہ پڑی آخر بیچارہ عبدالحکیم بھی صرف محدّث ایک معنوں سے
نبی ہوتا ہے اُس پر بیجا اور بے معنی اعتراض کر کے اس پر ہی خوش ہوا کہ نبی کا لفظ اصطلاحی
طور پر بھی جناب استعمال نہ فرماویں۔ کیونکہ اس سے عوام کو دھوکہ لگ سکتا ہے۔ گویا اُس کے
اس بیان کا مطلب اتنا ہی تھا۔ کہ محدّث مجدّد بیشک کہا جاوے۔ چنانچہ اُس پر مولویوں
نے یہہ الزام بھی لگایا کہ وہ تصدیق کر کے چلا گیا۔ مگر وہ نادان نہیں سمجھتے کہ یہہ حق کی
ہیبت ہے اور خدا کی باتیں۔ خدا کا مرد کسی میدان میں غالب ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔
حق اور صداقت کی تیز تلوار اور الٰہی نور کی تیز شعاعیں اُسکے مخالف کو خیرہ اور پاش پاش
کر دیتی ہیں۔ اس مقام پر بہت سے لوگوں نے جناب امام ہمام علیہ الصلوٰۃ والسلام سے
بیعت کی۔ اور انہی ایام میں **آسمانی فیصلہ** نور اور ہدایت سے معمور ہزار سے زیادہ چھاپ کر
مفت تقسیم کیا گیا جسمیں اُن لوگوں کو مقابلہ کے لئے بلایا تھا جو ایمانداری اور اتقا کے لمبے چوڑے
دعوے کرتے ہیں اُنکے پرکھنے کیلئے آسمانی اور قرآنی معیار ہی مقرر کیا گیا تھا مگر والعاقبۃ
للمتقین سچی بات ہے کون تھا جو حق کے مقابلہ میں آتا۔ ۱۸۹۲ء کے مقدس سال ہی میں
ایڈیٹر رپورٹ ہذا کو خدا تعالےٰ نے اپنے فضل سے توفیق بخشی کہ وہ نور کے فرزند کی کفش
برداری کا فخر حاصل کرے۔ اور انہیں ایام میں اُسنے بذریعہ خواب دیکھا کہ حضرت امام الزمان
سلمہ الرحمان کی خدمت عالیہ میں کتابوں کے جھگڑے سے اُتر کر ایک کتاب پیش

کی ہے جس کو حضرت نے بہت پسند فرمایا ہے۔ جسکی تعبیر حسب الحکم امام صاحب ہمارے
قدیم محسن مولوی عبدالکریم صاحب نے یہہ لکھی تھی کہ کتابوں کے جھگڑے سے مراد علمی گھمنڈ
اور تکبر کو چھوڑ دینا ہے اور کتاب پیش کرنے سے یہہ مراد ہے کہ اس سلسلہ کی تائید میں خدا تعالے
کوئی کتاب لکھنے کی توفیق دے۔ کیا تعجب ہے کہ **الحکم** کا اجرا جو بہت سی قلبی تحریک
اور جوش پر ہوا ہے جو اندر سے نہیں بلکہ کسی زبردست خارجی طاقت کے ذریعہ پیدا ہوا تھا
اسی خواب کا ایک ادنیٰ کرشمہ ہو اور یا کسی اور وقت کوئی کام خدا تعالیٰ اپنے عاجز اور ارذل
ترین بندے سے لے۔ اور ہم اس امر کی تائید یوں ہی کرنا چاہتے ہیں۔ کیونکہ یہہ ایک فضل
الٰہی ہے اور نعمت نامتناہی اور اما بنعمت ربک فحدث وارد ہے۔ حضرت اقدس نے
انہی دنوں میں ایک تقریب پر اس عاجز کی نسبت اپنی زبان مبارک سے فرمایا تھا کہ
یعقوب علی ہم کو بہت کام دیگا۔ اکثر احباب لاہور کو حضرت اقدس کا یہہ ارشاد خوب یاد ہے
اور ہمارے تو یہہ لوح دل پر کندہ ہے اور صادق کی بات چونکہ پتھر پر لکیر ہوتی ہے اس لئے
دلی آرزو اور قلبی تمنا یہی ہے کہ خدا تعالیٰ جہاں تک ہوسکے اسی سلسلہ کی تائید اور تبلیغ کے لئے
ہر ایک قسم کی قوت دے۔ تاکہ نحن انصار اللہ کہنے والوں کا سا لطف اور سرور حاصل ہو۔
آمین۔ یہہ تو ایک ضمنی واقعہ اور جملہ معترضہ تھا۔ غرض ۱۸۹۲ء ہی میں اور آخر فروری میں ہمارے
ہادی و مہدی سیدنا مرزا صاحب نے بابو میران بخش کی کوٹھی میں ایک پبلک لکچر دیا۔ خلقت
کا اژدہام اس کثرت سے تھا کہ کسی صورت میں معزز حاضرین کی تعداد دس ہزار سے کم نہ ہوگی
کاش اسوقت وہ لگن ہوتی جو حضور کے کلمات طیبات کے قلمبند کرنے کی آج دل میں
محسوس ہوتی ہے تو کوشش کیجاتی کہ وہ لکچر قلمبند ہوتا۔ اس موقع پر حضور نے خصوصیت
سے ان انعامات الٰہیہ کا ذکر کیا جو اس مقدس وجود پر شب و روز کیا آناً فاناً بارش کی طرح
ہو رہے ہیں اور ان پیشگوئیوں پر زیادہ زور دیا تھا جو جناب کی کامیابیوں اور الٰہی نصرتوں کے
شامل حال ہونے پر مشتمل ہیں۔ لیکچر کے بعد عصر سے پیشتر جناب مخدومنا حکیم الامت

مولانا مولوی نورالدین صاحب نے بہی ایک مختصر سا دل کو ہلا دینے والا وعظ فرمایا حضور جسوقت آپ نے کلمہ پڑہ کر اور اپنی ڈاڑہی کے سفید بالوں پر ہاتھ پھیر کر کہا کہ "کیا میں اس عمر میں بھی جہوٹ بولنے کی آرزو کر سکتا ہوں" تو یہہ الفاظ تیر کی طرح دلوں کے پار ہو گئے۔ اور کوئی آنکہہ نہی جو ایک بار زار زار نہ روئی ہو۔ اس مجمع میں تائید آلہی اور نصرت غیبی کے آثار کامل طور پر مشاہدہ ہوتے تہے مگر ہاں اُنکے لئے جو دیکہہ سکتے تہے۔ ایک طرف مقابل میں کوتاہ اندیش حریف لوگوں کو آنے سے روکتا اور گلا پہاڑ پہاڑ کر چلاتا تہا اور کوئی نہ سُنتا تہا۔ اور ایک طرف یہہ حال کہ لوگوں کو بیٹھنے کیا کھڑے ہونیکو جگہ نہ ملتی تہی دہکے کھاتے تہے اور تکلیف اُٹھاتے تہے اور آرزو یہہ تہی کہ خدا کے لئے ایک لفظ سن لینے دو اور ذرا منہہ دیکہہ لینے دو۔ جن لوگوں نے یہہ نظارہ دیکہا ہے وہ یقیناً یقیناً لکہہ سکتے ہیں کہ ایک مفتری اور حیلہ باز و یاوہ مزاج انسان کی باتوں میں ایسی قبولیت نہیں ہو سکتی ہے اژدہام خلائق نے جہاں تک مجبور کیا کہ حضور کو ایک دوسرے راستہ سے جانا پڑا۔ جو کتنے مکانوں کی چہتوں پر سے جاتا تہا۔ اس قدر کامیابی اور ظفر و فتح کے بعد جناب سیالکوٹ تشریف لے گئے۔ اور یہی وہ مقام ہے جہاں حضور نے اپنی عمر کا ایک حصہ بسر کیا ہے۔ چونکہ سیالکوٹ والے حضور کے حالات سے خوب واقف تہے اسلئے وہاں کی جماعت کو خدا نے بہت بڑی توفیق عطا فرمائی ہے اور اس سلسلہ میں اُنکا خلوص اور فنا ہونا ایک قابل رشک امر ہے اور اس مشن کی صداقت کا ایک بین ثبوت۔

ہم حیران ہوتے ہیں اور واقعی انسانی عقل کو دنگ اور حیران کرنے والی بات ہے کہ ۱۸۸۹ء کے بعد جبکہ اشتہار بیعت شایع ہوا ہر روز اور ہر آن میں اس مشن کی ترقی ایک بحر مواج کی طرح ہوئی۔ باوجودیکہ ۱۸۹۱ء میں بہی حضور کو سفر پیش رہے لیکن پہر بہی کئی ہزار اشتہار اور کئی ایک رسایل طبع ہوئے ۱۸۹۳ء وہ مقدس اور برکتوں کا سال ہے جو اپنی نظیر پہلے سالوں میں نہیں رکہتا۔ اس سال سے وہ خاص مشن اور خاص کام حضور

کا شروع ہوتا ہے جسکو احادیث میں کسر صلیب کے نام سے موسوم کیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ہزار ہزار کیا بے انتہا شکر ہے کہ اُس واقعہ کی ابتداد یکھنے کا موقع ہم کو بھی نصیب ہوا جو کامل طور پر کسر صلیب کا موجب ہوا ہے۔ رمضان کا مہینا تھا۔ ہم بھی اتفاق حسنہ سے دارالامان کی برکتوں سے متمتع اور بہرہ ور ہو رہے تھے ہم کو خوب یاد ہے کہ مغرب کا وقت تھا چھوٹی مسجد کی بالائی چھت پر چند احباب تشریف رکھتے تھے۔ یکایک ایک جھروکے سے ہمارے حضور سید نا مرزا صاحب (فداہ ابی وامی) جلوہ افروز ہوئے۔ ہم اُسوقت کی حالت کا خاکہ بجز الفاظ میں نہیں کھینچ سکتے اور نہ وہ الفاظ ہم کو مل سکتے ہیں حضور کا چہرہ مسرّت مجسم ہو رہا تھا اور اس قدر بزرگ اور عظیم الشان معلوم ہوتا تھا کہ ہمارے ذہن میں نہیں آتا اُسکی عظمت کیونکر بیان کریں۔ دل فرط شوق سے اُچھلتا تھا۔ آپنے فرمایا کہ اب شکار پھنسا۔ جنڈیالہ سے ایک خط آیا ہے وہاں کے عیسائیوں نے مسلمانوں کو تنگ کیا ہے اور وہ مباحثہ کے لئے ہم کو بلانا چاہتے ہیں۔ ہم زبان قلم اور قلم زبان سے اُس جوش کو ادا نہیں کر سکتے جس سے یہہ الفاظ نکل رہے تھے حضور اس قدر بیقرار تھے کہ ابھی مباحثہ ہو اور ہم جا کر وہاں پہونچیں۔ آپ نے حکم دیا کہ ابھی ایک آدمی روانہ کیا جاوے۔ مگر بغیر مصلحت وقت سمجھ کر رجسٹری خط ارسال کئے گئے۔ یہہ عظیم الشان واقعہ بھی تیرہ چودہ سال پیشتر خدا تعالیٰ نے اُپنے الہام سے حضور پر ظاہر کیا ہوا تھا۔ وہ جوش جو حضور کو تھا دیکھنے والے کے لئے صداقت کا کافی ثبوت تھا۔ اور اُسکی تسلی کیلئے بہترین ذریعہ۔ اسلام اور بانی اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام سے سچی محبت رکھنے کے بغیر اس قدر حمیت اور غیرت دین کی ہو نہیں سکتی۔ میاں محمد بخش پاندہ نے اور علماء کو بھی خطوط لکھے تھے۔ مگر یہہ قرعہ تو جس کے نام ازل سے پڑ چکا تھا اُسی کے نام پڑا۔ یہاں تک کہ مباحثہ مقرر ہوا۔ اور جنگ مقدس کی بنیاد رکھی گئی اعلان بھی ہو گیا۔ مگر بعض کوتاہ اندیش برائے نام اسلام کے حامی اس بات پر اُٹھ کھڑے ہوئے کہ ہیں یہہ میدان لیجائیگا جھٹ عیسائیوں سے مل ملا کے اشاعۃ السنہ کی میگزین کی گولہ باری کی

آڑ میں عیسائیوں کو پناہ دینی چاہی۔ مگر خدا کی باتیں کب ٹل سکتی ہیں آخر مباحثہ قرار پایا اور ایک مقدس سفارت نے امرتسر پہونچکر شرائط اور تاریخ مقرر کی۔ چنانچہ ۲۲ مئی ۱۸۹۳ء سے یہہ معرکہ کارزار گرم ہوا۔ ہم کو بہی خدا نے توفیق اور موقع دیا کہ اس میدان جنگ میں شامل ہو کر ثواب حاصل کریں۔ پندرہ روز کے عظیم الشان مباحثہ کے بعد آخر کار خود خدا تعالیٰ نے ایک آسمانی اور بیّن نشان کے ذریعہ جو حریف مقابل کے رجوع یا عدم رجوع پر موت کی پیشینگوئی پر مشتمل تہا فیصلہ کر دیا اور خود ھناک اللہ کہہ کر سب سے پہلے مبارکباد دی اس موقع پر جو کچہہ سلوک امرتسر والوں سے ہوا۔ اس کے بیان کرنیکے لئے ہم ہرگز ہرگز موقع نہیں پاتے۔ مگر ہاں راز وہ ہے کہ خدا کو منظور ہوا۔ تو حضرت اقدس کے "سفر نامے" کے نام سے جو مضمون ہمارے ذہن میں زیر تالیف ہے اُس میں وہ واقعات مفصل بیان ہونگے۔

امرتسر کے اندرونی مخالفین کی باسی کڑہی میں پہر اُبال آیا۔ اور مناظرہ مباحثہ کی بجائے مباہلہ پر تیار ہوئے۔ مگر الٰہی ہیبت اور جلال اس کا نام ہے کہ کسی مشہور و معروف مولوی کو یہہ حوصلہ نہ پڑا۔ کہ سامنے آوے۔ مباہلہ کے لئے عیدگاہ کا میدان تجویز ہوا تہا۔ ہزارہا مخلوق ہندو مسلمان حتیٰ کہ عیسائی تک جمع تہے۔ ہمارے زبردست مخالف میاں محمد حسین بٹالوی بہی دامن کشاں میدان مباہلہ میں پہونچے مگر ہرزہ درائی کے سوا اتنا حوصلہ نہ ہوا کہ مباہلہ کے لئے نکلتے۔ آخر صوفی عبد الحق غزنوی بیچارہ اُن سب کا فدیہ ہوا اور اُس نے مباہلہ کیا۔ مگر اس کریم النفس انسان کی ہمدردی اور محبت دیکہئے کہ فریق مخالف کیلئے بد دعا تک نہیں کی۔

بہر حال وہ موقع بہی قابل دید تہا۔ مظلوموں کے نعرے آسمان تک پہونچ رہے تہے جسوقت راستباز کے منہہ سے یہہ الفاظ نکلے کہ اے خدا اگر میں تیری طرف سے نہیں ہوں تو تو مجہہ پر ایسا عذاب نازل کر کہ دُنیا میں کسی مفتری پر نہ ہوا ہو۔ اُسوقت عیدگاہ میں اللہ تعالیٰ کے جلال اور ہیبت کا ایک نظارہ نظر آتا تہا۔ مباہلہ کے بعد میاں محمد حسین جب اپنی زبان درازی سے باز نہ آئے تو بذریعہ پولیس عیدگاہ سے باہر چلے جانے پر مجبور ہوئے۔ یہہ دوسرا موقع تہا۔

کہ شیخ صاحب کی حکام کی معرفت اس طرح پر عزت افزائی ہوئی۔ اسی سال میں خدا تعالےٰ نے **آئینہ کمالات** اسلام جیسی زبردست اور ہدایت مجسم کتاب لکھنے کی اسی مجدد کو توفیق دی اور اسی سال میں ایک **غلام زکی** عنایت فرمایا جسکی بشارت قبل از وقت دیگئی تھی سنہ ۱۸۹۳ء کے بعد ایک لمبا سلسلہ پندرہ ماہ کی میعاد کا شروع ہوا۔ اس اثنا میں فریق مخالف پر حق کا جو کچھ رعب چھایا۔ اسکا ثبوت اُسکی عملی زندگی نے دیدیا۔ الغرض ستمبر سنہ ۱۸۹۴ء تک مختلف قسم کے اشتہارات۔ رسایل اور کتب کا سلسلہ جاری رہا جس میں سے ہم صرف ایک کتاب کا ذکر کرتے ہیں۔ جو عماد الدین لاہز امرتسری اور جملہ پادر کے مقابلہ میں بوعدہ انعام پانچہزار روپیہ عربی زبان میں لکھی گئی مگر کسی پادری کو جرات نہ ہوسکی کہ اسکا جواب لکھتا اور نہ کسی مخالف مولوی کا حوصلہ ہوا کہ بالمقابل اپنی عربی دانی کی لاف گزاف کا کوئی ثبوت دیتا۔ حالانکہ انگریزی زبان میں کثیر التعداد اشتہار چھاپ کر تقسیم کیے گئے۔ ستمبر سنہ ۱۸۹۴ء میں جبکہ اللہ تعالےٰ نے اپنے اعلام اور الہام سے یہ ظاہر کردیا کہ آتھم بوجہ رجوع الی الحق کرنے کے پیشینگوئی کے ایک جزو سے استفادہ کرچکا ہے اور اسوقت بچ گیا ہے تو پھر بھی دُنیا میں ایک تلاطم پیدا ہوا۔ مگر جب آتھم پر بذریعہ انعامی اشتہارات جو چار ہزار روپیہ تک پہونچے اتمام حجت کیا گیا تو پھر کوئی نہ ہوا جو آتھم کو مقابلہ میں قسم کھانے کے لیے لاسکتا۔ ہم نے اس معاملہ پر خوب غور کیا ہے اور اُس میں بھید یہہ معلوم ہوا ہے کہ چونکہ اس مقدمہ آتھم سے بہت سارے واقعات مشروط تھے اس لیے اس واقعہ کو خدا تعالےٰ نے خوب ہی مشتہر کیا۔ آخر آتھم اخفائے شہادت حقہ کے جرم میں ماخوذ ہوکر اس موت سے نہ بچ سکا جس سے بچنے کے لیے بہت ہاتھ پاؤں مارے تھے۔

سنہ ۱۸۹۵ء میں ست بچن اور آریہ دھرم جیسی زبردست کتابوں کی تالیف کا اتفاق ہوا اور نور القرآن وغیرہ رسایل بھی شایع ہوئے۔ خدا تعالیٰ نے آسمانی نشان کسوف اور خسوف کا بھی اسی سنہ ۱۸۹۴ء کے رمضان میں دکھایا جو نشانات مہدی میں سے ایک زبردست نشان تھا۔ سنہ ۱۸۹۵ء

نظ

دو باتوں کے لئے خصوصیت سے مشہور رہیگا۔ اولاً کسوف او رخسوف کا اکٹھا ماہِ رمضان میں آیت مہدی کے طور پر حسب بشارت نبوی علیہ الصلوٰۃ والسلام ہونا۔ اور پھر جناب امام الزمان سلمہ الرحمان نے ایک عظیم الشان اشتہار جلسہ تحقیق مذاہب کا شایع کیا جو حضور قادیان میں کرنا چاہتے تھے۔ اس جلسہ میں شامل ہونے والے لیڈران مذاہب مختلفہ کے اخراجات آمد و رفت و دورانِ قیام قادیاں کے متکفل بھی خود سید نا مرزا صاحب ہونا چاہتے تھے لیکن بوجوہات چند در چند اُسکا التوا ہوا۔ مگر صادق کی باتوں میں اور اُسکی آرزوں میں زوال کہاں۔ آخر وہ ارادہ ۱۸۹۶ء کے دسمبر میں تو یعنی جلسہ اعظم مذاہب کی تقریب پر ہوا۔ اسی طرح ۱۸۹۵ء بھی اپنے بہت سے برکات اور فیوضات کی زندہ نظیریں اہل نظر کے لئے چھوڑ گیا۔ اور ۱۸۹۶ء شروع ہوا۔ شروع سال ہی میں جناب امام علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اہل اسلام کے لئے ایک عظیم الشان کام کرنا چاہا وہ کیا؟ جمعہ کی تعطیل کے لئے گورنمنٹ عالیہ کی خدمت میں بھیجنے کے لئے ایک میموریل تیار کرنے کا ارادہ ظاہر کیا۔ اور کئی ہزار اشتہار چھاپ کر تقسیم کیا۔ اور اُسکے ساتھ ہی تعزیرات ہند کی دفعہ ۲۹۸ کو وسیع کرنے کی درخواست بھیجنی چاہی جس سے یضع الحرب کی بشارت ایک اور رنگ میں پوری ہونیوالی تھی مگر چلتی گاڑی میں روڑا لگانے والے اس مقام پر بھی نہیں چوکے۔ چنانچہ محمد حسین بٹالوی نے چاہا کہ میں اس کام کو کروں حضرت اقدس کو چونکہ یہہ منظور تھا کہ کام ہو۔ اسلئے بڑی خوشی سے منظور کیا۔ مگر طلب جاہ کا گرویدہ کب ایسے کام کرسکتا اور ایسی کامیابیاں حاصل کرسکتا ہے۔ خیر یہہ کوئی ایسی بات نہیں ہمارا یقین ہے کہ صادق کی منہہ کی باتیں یونہی نہیں ہوا کرتیں پوری ہو کر رہیں گی۔ جیسا قانون سڈیشن کی ضمن میں مناظرات مذہبی کا مناسب انسداد ہوگیا اور اس طرح پر یضع الحرب والی پیشینگوئی ایک اور رنگ میں پوری ہوئی۔ کیونکہ سڈیشن ایکٹ نے مناظرات اور مباحثات کا بھی رُخ پلٹ دیا۔ اب وہ اس دل آزار طریق سے نہ ہوسکیں گے جو آجتک ہوتے رہے ہیں۔ اس لئے سب سے زیادہ خوش جو قانون سڈیشن کے پاس ہونے سے ہوسکتا ہے۔ وہ

اس زمانہ کے مجدد اور مہدی مسعود علیہ الصلوٰۃ والسلام اور اُسکا پاک گروہ ہے۔ ۱۸۹۶ء کے آخیر میں یعنی دسمبر ۱۸۹۶ء کو جلسہ اعظم ہوا۔ اور حضرت سیدنا مرزا صاحب سلمہ اللہ مسلمانوں کی ایک کثیر جماعت کی طرف سے وکیل منتخب ہوئے۔ چنانچہ جو نور اور ہدایت سے بھرا ہوا اور حقایق و معارف سے لبریز مضمون جلسہ اعظم کی تقریب پر حضور کی جانب سے پڑھا گیا۔ وہ حسب اعلام الٰہی سب سے بالاتر رہا۔ اس مضمون کے شایع ہونے سے پیشتر جناب کو بذریعہ الہام خبر دیگئی تھی کہ یہ مضمون سب سے بڑھ کر رہیگا۔ چنانچہ مخالف اخبارات انگریزی و اردو نے بھی مضمون کی خوبی عمدگی اور جلسہ کے اغراض اور سوالات کا کافی جواب تسلیم کیا۔ اس طرح پر کامیابیوں کے کئی سال گذرے اور بہت سے گذریں گے۔ انشاء اللہ اب ہم ۱۸۹۷ء کے واقعات پر ریویو کرتے ہیں جو اس رپورٹ کا نفس ناطقہ ہیں۔

اگرچہ اس قدر واقعات جو ہم نے بیان کئے ہیں ایک دور اندیش دل اور سلیم الفطرت انسان کی ہدایت کے لئے کافی ہیں مگر خدا تعالیٰ کی دی ہوئی نعمتوں کی قدر نہ کرنے والا ناحق شناس ان کو پڑھ کر یا سن کر کیا لطف اٹھا سکتا ہے جس شخص نے انبیاء علیہم السلام کے سوانح پڑھے ہوں اور جس کو قرآن کریم کی متن پر غور کرنے کا اتفاق ہوا ہو۔ وہ سمجھ سکتا ہے کہ کیونکر ایک گاؤں کا رہنے والا خدا تعالیٰ کی نصرت اور تائید کے بغیر اس قدر کامیابیاں حاصل کر سکتا ہے۔ تعجب پر تعجب آتا ہے۔ کہ ایک ایسی جگہ کا رہنے والا آدمی جہاں نہ توسیع معلومات کا کوئی ذریعہ ہے نہ خیالات میں روشنی پیدا کرنے کے سامان نہ کوئی علمی مجلس۔ نہ مذہبی تذکرہ۔ پھر اگر وہ ایسی باتیں بیان کرے جو عام انسانوں کی قدرت سے بالاتر ہوں تو کیا یہ اُسکی کوئی خانہ زاد قوت کا نتیجہ ہو سکتے ہیں وہ ہرگز نہیں کیا یہ بات سمجھ میں آسکتی ہے کہ زمین اور آسمان کی کنجیاں اور اسباب کی ساری کلیدیں اُسکے ہی ہاتھ میں ہیں وہ جو چاہے اپنے صدق کی دلیل ٹھہرا کر دکھاوے۔ غور کا مقام اور فکر کی جا ہے کہ کیا کوئی ایسا آدمی ابتداے آفرینش سے بتلا سکتا ہے جو اس قسم کی خارق عادت یا فوق کا مصدر ہو

اور پھر خدا تعالیٰ کا غیبی اور تائیدی ہاتھ اُسے تھامے ہوئے نہ ہو؟ ہرگز نہیں۔ ایسا ہو نہیں ہو سکتا۔ پھر اس قدر واقعات جو ایک نرالی وضع رکھتے ہیں۔ انسان کی اپنی تدبیروں اور منصوبوں کا نتیجہ ہو سکتے ہیں؟ کہاں ہیں وہ دل جو سلیم ہیں کہاں ہیں وہ آنکھیں جو الٰہی ہاتھ کی سایہ کو دیکھ سکتی ہیں۔ اگرچہ یہہ پچھلے سال جنکا نہایت ہی اختصار کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے بہت سی برکتوں اور نصرتوں کے سال تھے۔ مگر سنہ ۱۸۹۶ء اپنی ہیبت اور شکل میں جیسا **مبارک سال** اور کامیابیوں کا سال اس مشن کیلئے گذرا ہے اور کسی کے لئے گیا ہوگا۔ چونکہ ہمارے ملحوظ خاطر خصوصیت کے ساتھ سنہ ۱۸۹۶ء ہی کی مفصل رپورٹ زیر نظر ہے اس لئے اس مضمون کو ہم مختلف عنوانوں کے تحت میں لکھیں گے۔

عام حالت

سنہ ۱۸۹۶ء اپنی نوعی حالت کے لحاظ سے اور عام حیثیت سے اسباب پرست اور آسمان پر نظر کرنے والے گروہ کے نزدیک بہت کچھ مصیبتوں اور کلفتوں کا سال تھا اور اسی لئے اُسکو عام الحزن کہا۔ ملک اور دُنیا کے کسی حصہ میں کسی نہ کسی پاش پاش کرنیوالے حملہ کا اندیشہ رہا ہے۔ قحط۔ وبا۔ زلزلے۔ عالم آشوب جنگیں غرض بہت سے قسم کے شدائد و مصائب حملہ آور رہے اور بہت سی خلق تباہ ہو کر دوسروں کے لئے موجب عبرت ہوئی۔ مرنے والوں کی لاشیں اور ہلاک ہونیوالوں کی چیخوں سے بہ آواز بلند یہہ صدا آتی تھی کہ من نکردم شما حذر بکنید۔ عام طور پر لوگ آسمانی مصیبتوں اور بلاؤں کے وقت رہائی اور مخلصی کیلئے اول ترین تدبیر یہہ سوچتے ہیں کہ جسطرح ہو سکے کہیں بھاگ کر اُس سے پناہ لیں۔ اور چونکہ بالکل دُنیا ہی کے کیڑے بنے ہوئے ہوتے ہیں اسلئے دُنیاوی تدابیر اور انسداد اُنپر امید اور بھروسہ کر بیٹھتے ہیں اور آسمان تک نظر اُٹھتی بھی نہیں۔ عقلمند وہ ہے جو مصیبت اور بلا میں گرفتار ہونے سے پیشتر اُس سے بچنے کی تدابیر کرے۔ اور تدابیر مناسب اور موزوں وہ ہو سکتی ہیں جب اُن اسباب پر اول غور کر لیجاوے جو اُسکی آمد کا موجب ہوتے ہیں کیونکہ جب تک تشخیص

کامل طور پر نہ ہوے اسباب اور علامات پر پورا غور نہ کر لیا جاوے کوئی علاج کیوں نہ کیا جائے مفید نہیں ہو سکتا۔ ایسا ہی دانشمند انسان کا فرض ہونا چاہیے کہ جب کبھی وہ ایسی مصیبتوں کو اُترتا دیکھے وہ فی الفور اُسکے اسباب پر غائر نظر کرنیکی فکر میں ہو جائے۔

یہہ تو ایک مسلم بات ہے کہ وبائیں۔ بلائیں قحط اور دُنیا کو اور رنگوں میں ہلاک کر دینے والی مصیبتیں عالمگیر اور عذاب الٰہی ہوتی ہیں۔ اور انسان کا کانشنس بول اُٹھتا ہے کہ یہہ معمولی تکلیف اور عارضہ نہیں بلکہ آسمانی ہیبت اور رُعب اپنے اندر رکھنے والا عذاب ہے جو ضرور بالضرور خدا تعالےٰ کے جلال کے اظہار کیلئے کسی مرد پاک کی عظمت کو قائم کرنیکے لئے تمرد اور سرکشی کے لازمی نتیجے کی صورت میں اُترا ہے۔ چنانچہ ہم اس امر کی صراحت اور توجیہہ قرآن کریم میں جو خدائے علیم و حکیم کی مقدس کتاب ہے اور جو کتب قیمہ کا مجموعہ ہے یوں پاتے ہیں۔ وما کنا معذبین حتیٰ نبعث رسولا۔ یعنی عذاب الٰہی کے نزول کے لئے یہہ ضروری ہے کہ رسول مبعوث ہو کر آئے۔ کسی قوم اور ملک پر کبھی عذاب نہیں آتا جب تک کہ اُس میں کوئی نذیر آکر آنیوالے دردناک عذاب سے نہ ڈراوے۔ **بعثت رسول** اور **عذاب الٰہی** دو لازم ملزوم امر ہیں۔ پس جسوقت آسمان پر عذاب کے آثار نظر آویں۔ اور زمین کی حالت خطرناک دکھائی دے ایک تڑپتے ہوئے دل اور لرزتی ہوئی رُوح کے ساتھ انسان اس تلاش میں لگ جاوے کہ وہ عذاب الٰہی کا مظہر اور موجب بھی کہیں تو آیا ہوگا اس موقع پر تدبر سے کام نہ لینے والا جلد باز یہہ اعتراض کر سکتا ہے کہ **رسول** جو مبعوث ہو کر آتا ہے وہ تو رحمت اللہ کا مظہر اور انعام الٰہی کا موجب ہوتا ہے۔ کیونکہ اُسکے ہوتے تو خدا تعالیٰ کو اُنکی خاطر بہت منظور اور عزیز ہوتی ہے۔ پھر عذاب الٰہی کیوں نازل ہوتا ہے۔ ہم نے اس پر خوب غور کیا ہے اور اس نتیجہ پر پہونچے ہیں کہ جو لوگ مامور من اللہ ہو کر آتے ہیں نفس الامر میں وہ رحمت الٰہیہ کا مظہر ہوتے ہیں اُسوقت خدا تعالیٰ زمین کی طرف خاص نظر سے توجہ کرتا ہے۔ باب السماء کھولے جاتے ہیں۔ اور آسمان زمین کے بہت

ہی قریب ہوجاتا ہے۔ مگر اُس میں دو ہی خاصے اُسوقت موجود ہوتے ہیں۔ ایک تو یہ کہ
اُس قریب آسمان کی وجہ سے اگر اہل زمین کی دلی حالت میں تبدیلی واقع ہوجاوے اور
وہ خدا تعالیٰ کی دی ہوئی قوتوں سے کام لیکر فرستادہ حق کی تلاش میں مصروف ہوکر
اُس کو پالیں تو پھر انعام اللہ کے مورد بن جاتے ہیں اور اگر استہزا اور سرکشی سے کام
لیں تو پھر ہلاک اور بھسم کر دینے والا دردناک عذاب نازل ہوجاتا ہے۔ اس لئے کہ غیرت و
رحمت الٰہی نزول کیلئے ہمہ تن تیار رہتی ہے اور یہی وجہ ہے کہ ایسے وقت میں ایک لمحہ
عبادت اور خداجوئی کا ہزارہا سال سے بہتر ہوتا ہے۔ اور ساتھ ہی تھوڑا سا تمرد بھی
ہلاکت کا موجب ہوجاتا ہے۔ اس لئے کہ ہر صورت سے خدا تعالیٰ کو اپنے بندے کی
خواہش منظور ہوتی ہے انکی خوشی خدا کی خوشی اور اوس کا رنج خدا کا رنج ہوجاتا ہے۔ اور
اللہ تعالیٰ اُسکے عرش دل پر آباد ہوتا ہے۔ دوسرا راز اور سر ماموروں کی بعثت کیوقت
عذاب الٰہی کے نزول میں یہ ہے کہ اُن لوگوں کی بعثت اُسوقت ہوتی ہے جب دُنیا والوں
کی شوخیاں اور شرارتیں اپنے انتہائی مرکز پر پہونچ جاتی ہیں۔ اور ہر طرف کفر اور شرک
کی ظلمت اور ضلالت کی شب تار چھا جاتی ہے اُس گھٹا ٹوپ اندھیرے کیوقت آسمان سے
ایک نور اُترتا ہے جو دُنیا والوں کو روشنی اور اُجالے میں لاتا ہے۔ اور اُنکی اصلاح کی طرف
متوجہ ہوتا ہے۔ چونکہ اُنکی بے باکیاں اور شوخیاں اوس مامور کی بعثت کا باعث ہوتی
ہیں۔ اس لئے خدا تعالیٰ اوس مامور کے ذریعہ اہل دُنیا کو متنبہ کرتا ہے کہ چونکہ تمہاری شوخیاں
اور شرارتیں حد سے متجاوز ہوگئی ہیں اور اب اس قابل نہیں رہیں کہ اُن پر توجہ نہ کیجاوے
اسی لئے قبل از وقت تم کو اُس مامور کے ذریعہ مطلع کیا جاتا ہے کہ خدا تعالیٰ سے صلح کرلو۔
ورنہ نتیجہ اور انجام اچھا نہ ہوگا۔ اب اس مقام پر غور کرنے والا دل نہایت آسانی اور سہولیت سے
سمجھ سکتا ہے۔ کہ خدا تعالیٰ کا یہ تو فضل عمیم تھا کہ بجائے اُسکے کہ انکی بدکاریوں کی پاداش
میں اُن پر عذاب نازل کرے ایک ہمدرد اور خیر خواہ کے ذریعہ انکو خبر دی کہ تمہارے

ہاتھ اور تمہاری کرتوتیں تمہارے لئے اس قسم کا سامان کر چکی ہیں۔ اب اگر چاہتے ہو کہ بچ جاؤ تو توبہ اور استغفار میں لگ جاؤ۔ ورنہ نتیجہ اچھا نہیں ہوگا۔ پس یہہ مامور دو خواص اپنے اندر رکھا کرتا ہے۔ انذار اور ابشار کا۔ نذیر تو اسلئے ہوتا ہے کہ آئندہ آنے والے عذاب کی خبر دیتا ہے اور بتلا دیتا ہے کہ تمہاری کرتوتیں رنگ لایا چاہتی ہیں۔ اور بشیر اس پہلو سے ہوتا ہے کہ صلح اور رجوع الی الحق پر اوس عذاب سے بچ جانے کی بشارت دیتا ہے۔ اس امر کو ہم ثابت کرنے کی کوئی کوشش نہیں کرنا چاہتے کہ انکی یہہ باتیں کہاں تک وزندار اور قابل وقعت ہوتی ہیں کیونکہ صدہا کیا ہزارہا اور بے انتہا ماموران من اللہ کی تاریخ شہادت دینے کو موجود ہے۔ اور عام طور پر اسکے خلاف کوئی دلیل بھی ہم نہیں پاتے۔ پھر کیوں ہم تحصیل حاصل کی کوشش کریں۔

قرآن کریم پر تدبر کرنے سے یہہ بھی پتہ لگتا ہے کہ ماموں من اللہ کی بعثت پر آلہی عذاب آتا ہے۔ جیسا اللہ تعالی فرماتا ہے ـ وما ارسلنا فی قریۃ من نبی الا اخذنا اھلھا بالبأساء والضراء لعلھم یضرعون۔ یعنی عذاب آلہی کے نزول کی فلسفی یہہ ہے کہ جب کسی قریہ میں کوئی مامور آتا ہے۔ تو اس بستی کے رہنے والوں کو بیدار کرنے کے لئے شدائد اور مصائب بھی بھیجے جاتے ہیں۔ یہہ عذاب اور بلیّات سماوی دراصل خشوع اور خضوع پیدا کرنیوالے ملائکہ ہوتے ہیں۔ پس یہہ ایک ضروری امر ہے کہ کسی مرد خدا کی بعثت پر عذاب آلہی آوے لیکن وہ عذاب مشروط ہوتا ہے توبہ اور استغفار سے اس لئے ہر شخص کو موقع مل سکتا ہے کہ وہ اس آنیوالے عذاب سے اپنے آپ کو بچا لے۔ اور خدا کا رحم بہت جوش میں آلہی ہوتا ہے اسلئے انسان کا ذرا سا رجوع بھی اسکے لئے سپر اور نجات کا موجب ہو جاتا ہے۔ پس کیسے مبارک ہیں وہ لوگ جو خدا سے مغفرت چاہتے اور اسکی رضاجوئی کی راہوں پر چلنے کے لئے اس کے فرستادہ کی عزت و عظمت کو دل میں جگہ دیتے ہیں اور ہلاکت ہے ان پر جو آنکھیں رکھتی ہیں پر نہیں دیکھتے۔ دل رکھتے ہیں پر نہیں سمجھتے۔

اب اس قدر بیان کے بعد یہہ سمجھہ میں آنا مشکل نہیں معلوم ہوتا کہ کیوں عذاب آتا ہے؟ اور مامور من اللہ سے اسکا کیا رشتہ ہے۔ پس ۱۸۹۷ء میں جو عام طور پر وبار اور قحط اور دوسری مصائب شدائد کا حصہ سال بہر تک برابر چلتا رہا۔ یہہ اوسی سنت اللہ کا نتیجہ ہے۔ جو لاتبدیل اور لاتحویل ہے۔ ہم نے اُن بلاؤں کے نزول پر اور خصوصاً طاعون وغیرہ وبار کی دردانگیز مصیبت پر جب اپنے خیالات کو وسیع کیا تو یہہ امر ہماری سمجھہ میں آیا کہ یہہ بات تو ہے ہی کہ ایک مامور نے دعوی کیا۔ خدا کا پیغام پہونچایا۔ عقل کے اندہوں اور کوتاہ اندیش نادانوں نے مخالفت کی استہزا کیا۔ اوسوقت اُس زمانہ کے مامور اور مجدد کے دل سے بے اختیار وبار کے لئے ہی ایک صدا نکلی یہہ صدا حمامۃ البشری کی آخیر نظم میں جہاں موجودہ زمانہ کی حالت پر یوں فرمایا ہے۔ عربی شعر میں اس طرح درج ہے۔

فلما طغى الفسق المبيد بسيله + تمنيت لو كان الوباء المتبّر
فان هلاك الناس عند اولى النهى + احب واولى من ضلال يدمّر

اس صدا کا نکلنا تہا کہ اوسی سال سے قریباً ایسے آثار ظاہر ہونے لگے۔ غرض جہانتک ہمارا خیال ہے چونکہ ایک صادق کے منہہ سے نکلی ہوئی بات پوری ہوئی ہے اسلیئے اُسکی دعائیں ہی اُس عذاب اور بلا کے دور ہونے کا موجب ہونگی۔ اور ہمارے دل میں یہی یقین راسخ ہے کہ اس مرد خدا کی تضحیک اس عذاب کا باعث ہوئی ہے۔ اور اُسکے ساتہہ صلح ہی اُسکے دور ہونیکا موجب ہوگی۔ لہذا یہہ موقع ہے مخلصی چاہنے والی روحوں کیلئے۔

۱۸۹۷ء کی عالمگیر مصائب کی وجہ بیان کر چکنے کے بعد اب ہم اون واقعات پر بحث کرتے ہیں جو کہلے کہلے طور پر اس مشن کی عزت افزائی اور کامیابی کا موجب ہوئے ہیں اور یہہ کہ اوپر کہیں کہہ آئے ہیں مختلف عنوانوں کے تحت ہیں۔

نشانات یعنی پیشگوئی کا پورا ہونا

شروع سال مبارک زمانہ شروع ہوا اور وہ وقت آگیا کہ خدا زور آور حملوں سے اپنے نذیر کی سچائی کو ظاہر کرے

چنانچہ مارچ ۱۸۹۷ء کی ۶ تاریخ کو عید کے دوسرے روز لیکھرام پشاوری دردناک موت سے ہلاک ہوا۔ اور وہ پیشینگوئی جو براہین احمدیہ میں درج ہو کر ایک فتنہ عظیمہ کی خبر دے رہی تھی پوری ہوئی۔ اس پیشینگوئی کا ذکر متعدد کتب اور رسالجات میں اور اشتہاروں میں ہو چکا تھا اور ہر ایک قوم کے شریف کو اسکا علم تھا۔ غرض جو کچھ کہا گیا تھا۔ لفظاً لفظاً پورا ہوا والحمد للہ علیٰ ذالک۔

اوس وقت سے پیشینگوئیوں کے پورا ہونے کا سلسلہ بڑے زور سے شروع ہوا۔ اس ہیبت ناک موت پر ہندو کمیونٹی میں ایک شور عظیم برپا ہوا اور ہر طرح سے کوشش کیگئی کہ کسی طرح پر اس راستباز کے پاک دامن کو ناپاک خون سے ملوث کریں مگر وہ دامن جس سے بادشاہ برکت ڈھونڈنے والے تھے کیونکر اس سے داغدار ہو سکتا تھا۔ آخر زبردست حملوں اور کوششوں کے بعد بھی راستباز راستباز ہی ثابت ہوا۔ اور کوتاہ اندیش مخالف خدا سے لڑنے والے ٹھہرے۔ اس امر کا تذکرہ فضول ہے کہ آریہ قوم اور نام کی مسلمانوں اور عیسائیوں نے اپنی متفقہ کوشش سے جو کچھ خلاف کارروائیاں کیں اوس سے وہ ذرا بھی فائدہ نہ اُٹھا سکے۔ اس پیشینگوئی کے ضمن میں وہ پیشینگوئی بھی پوری ہوئی۔ جو براہین احمدیہ کے صفحہ ۵۵۶ و ۵۵۷ میں درج ہو چکی تھی اور چمکدار نشان کے لوازم پورے ہوئے یعنی ۸ اپریل ۱۸۹۷ء کو حضرت اقدس کے مکان کی تلاشی اسی چمکدار نشان کی متعلق ہوئی۔ اور نہ صرف یہی ہوا بلکہ مخالفین کی روسیاہی کے اظہار کیلئے اللہ تعالیٰ نے یہہ ایک سامان پیدا کر دیا جو نیک دل اور پاک طبیعتوں کیلئے ایک اعلیٰ درجہ کا نشان اور تازگی یقین کا باعث ہوا وہ لوگ جو سفاہت اور جہالت سے اوس پیشینگوئی سے اعتراض کیا کرتے تھے جو امام الزماں کے مبارک لبوں پر فصاحت کے اجرا کے متعلق ہے اور جو عربی تصانیف کی صورت میں پوری ہوئی تھی۔ اور کہا کرتے تھے کہ عربی لکھنے والوں کی کمیٹی ہے اور پیشینگوئیوں کے لئے آلات نجوم و جفر رکھے ہوئے ہیں

آخر اس تلاشی نے بتلا دیا کہ ہمارے مخالف کہاں تک جھوٹ بولنے میں دلیر اور ہوشیار ہیں
اسی پیشینگوئی کے ضمن میں ایک اور ہیبت ناک مگر روشن اور بیّن نشان ظاہر
ہوا۔ وہ یہہ کہ ہمارے سید و امام جناب مرزا صاحب نے بذریعہ اعلان مشتہر کیا تھا کہ
اگر آریہ لوگ ہماری سازش سے لیکھرام کی خارق عادت موت قرار دیتے ہیں تو کوئی
دل گردے والا آریہ اسی پر قسم کھائے پھر اگر وہ ایک سال کے اندر ایسی موت سے ہلاک
نہ ہو جسمیں انسانی سازش اور ہاتھہ کا احتمال تک بھی نہ ہو تو مجھے قاتل سمجھا جاے ایک بیباک گو شوخ نوجوان
کو آمادہ کیا گیا جو اپنی شوخی اور بیباکی کی وجہ سے اپنے عہدہ سے برطرف ہوا اور آخر
رکیک اور بیجا حجتوں سے دم دبا کر بھاگ گیا۔ اسی پیشینگوئی کے ضمن میں بلاج اندر سنگھ
ایڈیٹر خالصہ بہادر کو دعوت کیگئی مگر مومن کا مقابلہ کرنے والا کون؟ آخر مقابلہ کو نہ
نکل سکتا تھا اور نہ نکلا! یہہ نشان چونکہ اس مامور من اللہ کی ہی تائید اور صداقت کیلئے
تھے اسلئے وہ نشان جو خارجی طور پر دوسروں کے ذریعہ ظاہر ہوئے اور ان سے بھی اسی
راستباز کی تصدیق ہوتی تھی ہم انکو ذیل میں اگر بیان کردیں تو کچھہ حرج نہ ہوگا چنانچہ
ایک شخص فقیر محمد ساکن سیالکوٹ اور ایک عفیفہ پارسا نے اپنی الہامی شہادتیں
پیش کیں جو شایع ہو چکی ہیں۔

چودہویں صدی کے بزرگ کے متعلق جو نشان ظاہر ہوا وہ بھی توجہ کرنے والوں
اور سمجھنے والوں کے لئے کچھہ کم نہ تھا۔ راولپنڈی کے چودہویں صدی نام اخبار میں حضرت
اقدس کے اشتہار متعلقہ سفیر روم کی بابت کچھہ استہزا کیا گیا تھا جس پر مرد خدا نے یکم جولائی سنہ ۱۸۹۷ء سے
جولائی سنہ ۱۸۹۸ء تک کی یکسالہ میعاد کا اشتہار جاری کیا جو رجوع سے مشروط تھا۔ آخر بزرگ
موصوف نے بذریعہ چودہویں صدی ہی ان آثار اور علامات کو دیکھہ کر اور محسوس
کر کے توبہ کی درخواست کی جو اس کریم النفس امام نے منظور کی۔ اوسکا رجوع کرنا اور پھر آثار
اور نشانات کو دیکھہ کر رجوع کرنا آسان امر نہ تھا۔ مگر یہہ خدا کے ہاتھہ کی چمکار تھی اور اسی علیم و خبیر

کی باتیں تہیں جو پوری ہوئیں۔

مخالفوں کو مباہلہ کے واسطے بلایا گیا مگر کسی کو حوصلہ اور سکت نہ ہوئی۔ آخر قصور والا مولوی ذرا آگے نکلا۔ اور بس ہاں کرنے ہی میں مارا گیا اور بہت جلد ہلاک ہوا۔ اس طرح پر یہہ سب نشانات ٹھیک اُسی طرح پورے ہوئے جس طرح خدا تعالےٰ کے برگزیدہ کے ہونٹھوں سے نکلے تھے۔ ان نشانات میں ایک عظیم الشان لیکن دل کو ہلا دینے والا اور روح کو تہہ و بالا کر دینے والا نشان یہی تہا جو الہام انی مھین من اراد اہانتک کی صورت میں ایک عرصہ سے ہو چکا تہا۔ اُس کا نظارہ نادان ملا مکفر کو ایک جم غفیر کے روبرو کرسی مانگ کے دیکھنا اور دکھانا پڑا۔ ان تمام نشانات پر پاک دل غور کر کے سبق سیکھہ سکتے ہیں اور صداقت کا کھوج لگا سکتے ہیں۔ لیکن جنکے دل ضد اور تعصب کے گھن سے ضایع ہو چکے ہیں وہ سمجھنے کی طاقت کہاں سے لائیں گے۔

تالیف کتب

اس سال میں پچھلے سالوں کی نسبت کتابیں بہت زیادہ تالیف کی گئیں۔ چنانچہ انجام آتھم۔ حجۃ اللہ۔ سراج الدین عیسائی کے چار سوالوں کا جواب۔ استفتا۔ سراج منیر اور کتاب البریت کی تالیف کا سلسلہ بھی اسی سال میں شروع ہوا جن میں سے انجام آتھم اور حجۃ اللہ عربی زبان میں لکھی گئیں۔ یہہ کتابیں صرف کثیر سے شایع ہوئیں جن پر دو ہزار روپیہ سے کیا کم لاگت آئی ہو گی۔ اب کیا کوئی دانشمند بتا سکتا ہے کہ ایک مصنوعی اور من گہڑت کارخانہ اس طرح پر چل سکتا ہے نہیں نہیں یہہ خدا کے ہاتھہ کا لگایا ہوا پودا ہے جو ضرور ضرور سرسبز ہوگا اور بڑہیگا۔

اشتہارات

اشتہارات کا صیغہ بھی اس سال نہایت ہی ترقی پر تہا چنانچہ قریباً ڈیڑھ لاکھ اشتہار عربی۔ فارسی۔ اردو۔ انگریزی میں اندرونی اور بیرونی مخالفوں کے لئے شایع کئے گئے۔ کیا اس قدر تائید اور نصرت ایک عام انسان کی ہو سکتی ہے شاید کوئی کوتاہ اندیش اشتہارونکی اس تعداد پر حیرت ظاہر کرے مگر ہم اُسکو ثابت کر دینے کے لئے تیار ہیں ۲۵ اشتہار تعداد میں شایع ہوئے ہیں جنمیں سے

چار چار اور بعض آٹھ آٹھ صفحوں اور ورقوں کے ہیں یہہ اندازہ ہم نے ایک صفحہ کے اشتہار پر کیا ہے اور اس خرچ کو جو اُن اشتہارات کی روانگی اور تقسیم میں ہوا اگر سرسری طور پر بھی خیال میں لائیں اور کل خرچ چھپوائی وغیرہ بھی شامل کریں تو دو ہزار سے کسی صورت میں کم نہیں ہو سکتا۔ یہہ خدا کا فضل نہیں تو کیا ہے ایک انسان جو اپنے مخالفوں کی نظر میں ایک معمولی درجے کا آدمی سمجھا جاتا ہے۔ اور پھر اُسکو مسلمان بھی نہیں سمجھا جاتا! حیرت اور تعجب کا مقام ہے کہ اُسکی اشاعت تو اس قدر کثرت سے ہو اور گویا وَاِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ اُسکے لئے خصوصیت سے ہو جائے اور حق پرست اور حق پسند مومنوں کیلئے ذرا بھی تائید نہ ہو؟ کس قدر تعجب کی بات ہے اس قدر مصارف عظیمہ کا تحمل ہو سکنا انسان کا کام نہیں۔ اور پھر۔ اپنے لئے بلکہ بنی نوع انسان کی بھلائی اور ہمدردی کی خاطر۔ ان اشتہاروں کو اگر دیکھا جاوے تو وہ سب کے سب احیاء اسلام اور اعلاء کلمۃ اللہ کیلئے ہیں۔ نہ اپنی شہرت منظور اور نہ کوئی اور غرض مقصود۔

خطوط

کتابوں اشتہاروں پر ہی اکتفا نہیں اشاعت اسلام کا ایک اور طریق بھی ہے جو اس مامور نے باعلام الٰہی رکھا ہوا ہے۔ وہ کیا؟ خط وکتابت۔ اس سال میں جس قدر خطوط جناب کو پہونچے اور جنکا جواب لکھا گیا اُنکا اندازہ بہت مشکل ہے۔ قرینے سے ہم کہہ سکتے ہیں۔ کہ کم وبیش ۲ ہزار خطوط اپنے احباب اور مخالفوں کو لکھے گئے جو من اولہ الی آخرہ اسلام اور بانی اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام کی عزت کو قائم کرنے اور دُنیا کو روشنی اور نور کی طرف دعوت کے مضامین پر مشتمل تھے۔ یہہ امر خاص طور پر قابل ذکر ہے کہ اس صیغہ میں ہمارے مخدوم مولانا مولوی عبد الکریم صاحب۔ مرزا خدا بخش صاحب اور حکیم فضل الدین نے بہت حصہ لیا ہے۔ خصوصیت سے یہی احباب خطوط کی روانگی کا انتظام کرتے رہے۔ اس قسم کے کام بغیر اخلاص ممکن نہیں اور کوئی شخص

اپنی طبیعت پر جبر کر کے اس قسم کے کاموں میں ہاتھ نہیں ڈال سکتا مگر جس شوق سے میں نے مولانا مولوی عبد الکریم کو یہہ کام کرتے دیکھا ہے رشک اور حیرت آتی ہے اللہ تعالیٰ انکو جزائے خیر دے اور ہم سب کو توفیق۔ چنانچہ ۱۹۰۰ء کے آخری حصہ میں خصوصیت سے مولوی صاحب ممدوح ہی کو یہہ فخر حاصل رہا کہ وہ ڈاک کا جواب دیں۔ اور خطوط کی تعمیل کریں۔ ان خطوط میں سے بہت سے رجسٹرڈ ہو کر جاتے ہیں اور علی العموم وہ آنہ کے لفافوں میں اس خرچ کا اندازہ بھی اگر تخمیناً کیا جاوے تو دو سو روپیہ سال سے کیا کم ہو سکتا ہے۔ یہہ نتائج بھی ان پنجگانہ شاخوں میں سے ہیں جنکا تذکرہ حضورؑ نے فتح اسلام میں فرمایا ہے۔

مہمانوں کی آمد و رفت

ایک سلسلہ مہمانوں کی آمد کا ہے جس ذریعہ سے اکثر لوگ آکر اپنے خیالات کی اصلاح کرتے ہیں اور وہ فیض اور فائدہ اٹھاتے ہیں جو جناب سیدنا مرزا صاحب ایدہ اللہ الاحد کے نزول سے اللہ تعالیٰ نے مقصود رکھا ہے پچھلے سالوں میں مہمانوں کی اس قدر کثرت نہیں تھی جس قدر لوگ اس سال میں آئے۔ یہہ تعداد بھی سال بھر میں ڈیڑھ ہزار سے کسی صورت میں کم نہیں رہی جنکی مہمانداری پر ایک کثیر رقم خرچ آتی ہے ہم کو بار بار حیرت آتی ہے کہ کیا مخالف بالکل اندھے اور بہرہ ہو گئے کہ وہ اس قدر کثرت کے ساتھ نشانات دیکھتے ہیں جو راستباز کی عظمت کو قائم کرتے ہیں لوگوں کی آمد و رفت کے سلسلہ کا اسقدر وسیع ہونا کیا منصوبہ باز کو میسر آسکتا ہے اور پھر ایسی حالت میں کہ وہ وسع مکانک یاتون من کل فج عمیق کی پیشگوئی بھی کر چکا ہو۔ لاریب یہہ خدا کے کام ہیں جو کر رہا ہے اور یہی زبردست حملے اور چمکدار نشان ہیں جو صادقوں کی صداقت کی دلیل ٹھہرتے ہیں۔ پھر ان آنیوالے لوگوں میں معمولی کم حیثیت کے لوگ نہیں بلکہ مولوی۔ حافظ تاجر گورنمنٹ کے معزز اور معتمد عہدہ دار۔ بڑے بڑے اہل الرائے اصحاب اور تعلیم یافتہ گروہ ہے۔

حضرت اقدس کے سفر اسی سال میں حضرت اقدس کو دو مرتبہ سفر بھی کرنا پڑا۔ اور یہہ سفر عظیم الشان نشانوں کو عظمت اور جلال سے ظاہر کرنے کے لئے ہوا۔ اُن میں سے پہلا سفر تو اوس مقدمہ کے متعلق ہے جو آتھم والی پیشگوئی کا ایک ضمیمہ تھا جو ایک ابتلاءِ عظیم کے طور پر آیا۔ اِس مقدمہ کے پیشتر ہی حضرت اقدس نے اپنے احباب کو بذریعہ خطوط اطلاع دے دی تھی کہ کوئی ابتلاءِ عظیم آیا چاہتا ہے۔ پھر مقدمہ کا سارا نقشہ بھی بتلا دیا۔ آخر عزت و احترام سے بری ہونے کی بشارت بھی سنائی جسکے صدہا گواہ موجود ہیں۔ یہہ مقدمہ دراصل آتھم والے الہام کے ایک جزو کو پورا کرنے کے لئے اِس شکل میں ہوا۔ جس میں لکھا گیا تھا کہ اُنکا مکر کھول دیا جاویگا۔ پس عیسائیوں نے جب کوئی اور موقع اپنی جانبری کا نہ دیکھا تو ڈاکٹر مارٹن کلارک نے اقدام قتل عمد کا مقدمہ بنایا۔ آخر جس قدر نشانات کو پورا کرکے یہہ مقدمہ ختم ہوا اُنکا ذکر وضاحت کے ساتھہ کتاب البریت میں ہو چکا ہے۔ یہاں اعادہ کی ضرورت نہیں اِس مقدمہ میں حضرت مسیح علیہ السلام کے ساتھہ مماثلت بھی عجیب رنگ سے ثابت ہوئی۔ اِس سفر میں حضرت کے ساتھہ بہت سے مخلصین تھے اور خدا کا فضل تھا کہ ہم کو بھی اِس سفر میں لطف اُٹھانے اور الٰہی تائیدات کا نظارہ دیکھنے کی توفیق ملی۔ اور نہ صرف اِسی قدر بلکہ خدا تعالےٰ کے فضل سے جنگ مقدس ثانی کے حالات کے مرتب کرنیکا فخر بھی ہم کو ہی ملا ذٰلک فضل اللہ یوتیہ من یشاء۔ یہہ سفر بٹالہ اور گورداسپور کا تھا۔

دوسرا سفر ملتان کا تھا اس سفر میں بھی ایک مقدمہ کی شہادت تھی۔ اِس شہادت کا نقشہ پیشتر ہی سے جناب نے بیان فرمایا تھا۔ جو ٹھیک اُسی طرح ظاہر ہوا۔ یہہ مقدمہ بھی ہمارے مشن کے ایک سخت مخالف پر تھا۔ اور خود اُس نے ہی حضور کو طلب کرایا تھا۔ اِس سفر میں بھی حضرت کے ہمراہ چند احباب تھے۔

جلسے اِس سال میں حضرت اقدس کو تین مختلف تقریبوں پر عظیم الشان جلسے کرنے کی

ضرورت ہوئی - ان جلسوں میں صدہا احباب شریک ہوکر روحانی برکات سے حصہ اٹھاتے
رہے - پہلا جلسہ ڈائمنڈ جوبلی کی تقریب پر ہوا - چونکہ ۱۸۹۷ء کی خوشی کی یادگاروں میں
سب سے عظیم ترین مسرت مجسم یادگار ڈائمنڈ جوبلی ہی تھی - اس لئے اس مبارک اور مقدس
انسان نے بھی اپنی جماعت کے ہمراہ اس تقریب پر خوشی منائی - اس جلسہ کے لئے پہلے
سے اعلان شایع کر دیا گیا تھا - اس جلسہ کی ضرورت اسلئے محسوس کیگئی کہ چونکہ گورنمنٹ
انگلشیہ کے پرامن عہد میں خدا تعالے نے اسکو بھیجا ہے جسکی وجہ سے اس کے دشمن اسکو
کوئی گزند نہیں پہنچا سکتے - چونکہ یہہ خاندان ہمیشہ سے گورنمنٹ انگلشیہ کا ایک وفادار اور
اور فرماں پذیر خاندان مسلم ہوچکا ہے اور وقتاً فوقتاً ضروری امداد سے گورنمنٹ کا ہاتھ بٹاتا رہا
ہے - مگر سیدنا مرزا صاحب چونکہ دنیا سے بے تعلق ایک اور قسم کی زندگی بسر کر رہے ہیں
اس لئے اُسی زندگی کے حسب حال ضروری امداد سے گورنمنٹ کے احسانوں کا شکریہ ادا
کرتے رہتے ہیں چنانچہ عربی فارسی کی تصانیف میں اور اشتہاروں میں اُن خام خیالیوں
اور غلط فہمیوں کی اصلاح فرماکر بلاد شام وعرب افغانستان میں شایع کیا ہے جس میں
اکثر کوتاہ بین مبتلا تھے اور اپنے وجود باجود سے ثابت کردیا کہ وہ 'یضع الحرب' کیلئے آئے
ہیں اور دنیا میں امن اور سلامتی کا پھیلانا انکا مشن ہے - غرض کوئن وکٹوریہ کی شصت سالہ
جوبلی کی تقریب پر عظیم الشان جلسہ ہوا اور چھہ مختلف زبانوں میں ملکہ معظمہ کی درازی عمر اور
صحت اور اقبال کے لئے دعائیں مانگیں اور اُسکے ساتھ ہی ملکہ قیصرہ کو روحانی مراتب
کے عطا ہونے کی بھی دعا کیگئی - یہہ قاعدہ کی بات ہے اور سچے وفادار اور جانثار کا یہہ
فرض ہے کہ جو چیز وہ دنیا بھر میں اپنے لئے سب سے عزیز رکھتا ہے اپنے محسن کے لئے وہی چاہے
چونکہ سیدنا مرزا صاحب کو دنیا بھر میں ایک اسلام ہی عزیز ہے اس لئے وہی تحفہ قیصرہ
مبارک کے لئے خدا تعالے سے چاہا - اور سب سے بہتر اور مبارک ہدیہ اس تقریب پر
تحفہ قیصریہ کے نام سے ملکہ معظمہ کے پاس بھیجا جس سے بڑھکر کبھی کوئی لطیف اور

قابل عزت ہے یہ تبصرہ کو اپنے ایک مخلص رئیس کی طرف سے نہ پہونچا ہوگا۔ اِس جلسہ کی کارروائی جلسہ احباب کے نام سے ایک مختصر سی رپورٹ کی شکل میں شایع کیگئی۔

دوسرا جلسہ حضور کے لخت جگر جناب مرزا بشیر الدین محمود احمد سلمہ اللہ کے ختم قرآن کی تقریب پر ہوا۔ اِس جلسہ پر بھی بہت سے احباب تشریف لائے۔ جو آمین حضور نے اِس موقع کے لئے تالیف فرمائی ہے اُسکو دیکھکر انسان کو پتہ لگ سکتا ہے کہ حقیقی خوشی کیا چیز ہے اور خدا کے بندونکی خوشیاں کیا رنگ رکھتی ہیں۔ اُن کی آرزوؤں اور تمناؤں کی حد کیا ہوتی ہے۔ بظاہر وہ آمین ایک آمین ہے لیکن حقیقت میں ایک ہدایت نامہ ہے جو انسان کی زندگی کے لئے بہت سے مراحل کو آسان کر دینے والا ہے بشرطیکہ اُس پر عمل ہو۔

تیسرا جلسہ وہ سالانہ جلسہ ہے جسکی یہہ رپورٹ ہے۔ یہہ جلسہ ۲۵ دسمبر ۱۸۹۷ء سے شروع ہوکر یکم جنوری ۱۸۹۸ء تک رہا۔ اِس جلسہ میں دور دراز کے احباب شریک تھے جنکی فہرست ہم آخیر کتاب پر شایع کرینگے جلسہ میں جو تقریریں ہوئی ہیں وہ بھی اپنے اپنے مقام پر درج کرتے ہیں۔ اِس جلسہ کے متعلق قابل ذکر دو امر ہیں کہ حضور مسیح الزمان کو ایک مجمع کثیر کے سامنے اپنی عملی زندگی سے اون نصایح اور ہدایت کے موثر بنانے کا موقع ملا جو آپ نے فرمائی تھیں۔ جلسہ بہت بارونق اور نرالی قسم کا تھا۔ بہت سے جلسے دیکھے گئے اور ناظرین نے بھی دیکھے ہونگے اِس جلسہ کی علت غائی اور غرض و غایت اگر کچھہ تھی تو اسلام اور اُسکا اصلی نمونہ۔ خدا پرستی اور خدا نمائی مقصود تھا۔ بجز اِسکے اور کوئی ذکر اور بات ہی نہ تھی۔ الغرض پوری کامیابی کے ساتھہ یہہ جلسہ بھی ختم ہوا۔ اور دوسری بات جسکا ہم ذکر کرنا چاہتے تھے خصوصیت سے قابل ذکر ہے وہ یہہ کہ اِسی جلسہ کی تقریب پر سالانہ جلسہ کی رویداد اور تقریروں کو شایع کرنے کی تجویز کیگئی جیساکہ ہم نے کسی موقع پر ظاہر کیا تھا۔ یہہ تجویز جناب مخدومنا مولانا مولوی عبدالکریم صاحب

سیالکوٹی نے پیش کی تھی۔ اور ایسی رپورٹ کا مرتب ہونا بھی حضرت اقدس کے مشن کی صداقت کی دلیل ہے کیونکہ مفتری اور منصوبہ بازوں کی باتوں کی اشاعت خدا کب چاہتا ہے۔ چنانچہ اسی تحریک کی وجہ سے یہہ رپورٹ مرتب ہوئی اور یہہ خدا کا خاص فضل اور احسان ہے کہ اس کام کی توفیق نیازمند کو دی۔ اور اس سے یہہ خدمت لینی چاہی۔ اب ہم سمجھتے ہیں کہ تمام ضروری مراتب اجمالی طور پر ہم بیان کر چکے ہیں۔ اب اس سے پیشتر کہ مخالف تقریروں کو پڑھ کے اوس نور اور روشنی سے بہرہ ور ہو جو اُنکے اندر ہے۔ اگر وہ ذرا غور اور ٹھنڈے دل سے ان واقعات پر غور کریگا۔ جو اس امور کے ساتھ اس عرصہ میں پیش آئے تو یہہ امر اوس پر روز روشن کی طرح کھل جائیگا۔ کہ منصوبہ باز انسان کبھی بھی اس طرح کامیاب نہیں ہو سکتا۔ یہہ خدا تعالیٰ کا فضل ہے نہ انسان کا۔

بالآخر ہم اس امر کا اعتراف کرنا چاہتے ہیں کہ رپورٹ کی اشاعت میں حد سے زیادہ توقف ہو گیا ہے جسکی وجہ سے ناظرین کو بہت کچھ اضطرار اور بیقراری ہوئی ہے۔ مگر اس توقف میں بھی انشاء اللہ بہت سی مصلحتیں ہی ثابت ہونگی۔ اس مقام پر اگر ہم اپنے مخدوم جناب مولانا مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی کا شکریہ نہ ادا کریں تو ایک بڑی غلطی کرینگے۔ جناب مولانا صاحب ممدوح نے ہی اس رپورٹ کی ترتیب کی ضرورت محسوس کی اور خود مولانا صاحب ممدوح نے ہی باوجود اعلیٰ درجہ کی مصروفیت کے یعنی نماز پنجگانہ کی امامت اور خطوط آمدہ کے مضامین کا خلاصہ حضرت اقدس کو سنانے اور جواب کے لکھنے۔ طالب علموں کو مختلف سبق پڑھانے اور ایام الصلح کا ترجمہ کرنے۔ الحکم کے لئے خطبوں کے مضامین کی اصلاح کرنے اور کیا کیا اور کیا کیا بیسیوں کام کرنے کے باوجود بھی وہ تقریروں کے صاف کرنے میں نہایت تندہی سے باوجود اس قدر مصروفیت اور اس پر بیماری ہی معذوریوں کے ہمہ تن مصروف رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہی ان کو جو اس کا خیر کی جزا دیگا۔ ہماری تو یہہ دعا ہے کہ خدا تعالیٰ مولوی صاحب کا سا عزم اور شوق۔ اور استقلال ہر شخص کو نصیب کرے۔ اور ان کو روح الامین سے مدد دے۔ آمین۔ (اب ہم یہہ کہکر کہ انشاء اللہ بہت جلد مکمل رپورٹ شایع ہو جائیگی۔ اس مضمون کو ختم کر دیتے ہیں) — یعقوب علی ایڈیٹر الحکم

تقریر اوّل

حضرت اقدس جناب امام الوقت حضرت مرزا غلام احمد صاحب ایدہ اللہ الاحد۔ مسیح موعود و مہدی مسعود دام برکاتہٗ

اپنی جماعت کی خیرخواہی کیلئے زیادہ ضروری بات یہ معلوم ہوتی ہے۔ کہ تقوے کی بابت نصیحت کیجاوے کیونکہ یہ بات عقلمند کے نزدیک ظاہر ہے۔ کہ بجز تقوے کے اور کسی بات سے اللہ تعالےٰ راضی نہیں ہوتا۔ اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔

ان اللہ مع الذین اتقوا والذین ہم محسنون۔ س ۱۴۔

ہماری جماعت کے لئے خاصکر تقوے کیضرورت ہے خصوصاً اس خیال سے بھی کہ وہ ایک ایسے شخص سے تعلق رکھتے ہیں اور اسکے سلسلہ بیعت میں ہیں جسکا دعوےٰ ماموریت کا ہے۔ تا وہ لوگ جو خواہ کسی قسم کے بغضوں۔ کینوں یا شرکوں میں مبتلا تھے۔ یا کیسے ہی رو بہ دنیا تھے۔ ان تمام آفات سے نجات پاویں۔ آپ جانتے ہیں۔ کہ اگر کوئی بیمار ہوجاوے خواہ اوس کی بیماری چھوٹی ہو یا بڑی۔ اگر اس بیماری کیلئے دوا نکیجاوے۔ اور علاج کیلئے دکھ نہ اٹھایا جاوے۔ بیمار اچھا نہیں ہو سکتا۔ ایک سیاہ داغ منہ پر نکلکر ایک بڑا فکر پیدا کر دیتا ہے۔ کہ کہیں یہ داغ بڑھتا بڑھتا کل منہ کو کالا نکردے۔ اسیطرح معصیت کا بھی ایک سیاہ داغ دلپر ہوتا ہے۔ صغائر سہل انگاری سے کبائر ہوجاتے ہیں۔ صغائر وہی داغ چھوٹا ہے۔ جو بڑھکر آخرکار کل منہ کو سیاہ کر دیتا ہے۔ اللہ تعالےٰ جیسے رحیم و کریم ہے ویسا ہی قہار اور منتقم بھی ہے۔ ایک جماعت کو جب دیکھتا ہے۔ کہ ان کا دعوے اور لاف و گزاف تو بہت ہے۔ اور انکی عملی حالت ایسی نہیں تو اسکا غیظ و غضب بڑھ جاتا ہے۔ پھر ایسی جماعت کی سرکوبی کیلئے وہ کفار کو ہی تجویز کرتا ہے۔ جو لوگ تاریخ سے واقف ہیں۔ وہ جانتے ہیں۔ کہ کئے دفعہ مسلمان کافروں سے تہ تیغ کئے گئے جیسے چنگیز خان اور ہلاکو خان نے مسلمانوں کو تباہ کیا۔ حالانکہ اللہ تعالےٰ نے مسلمانوں سے حمایت اور نصرت کا وعدہ کیا ہے لیکن پھر بھی مسلمان مغلوب ہوئے۔ اس قسم کے واقعات بسا اوقات پیش آئے۔ اسکا باعث یہی ہے کہ جب اللہ تعالےٰ دیکھتا ہے کہ قوم لا الہ الا اللہ تو پکارتی ہے لیکن اسکا دل کسی اور طرف ہے اور اپنے افعال سے وہ بالکل رو بدنیا ہے۔ تو پھر اسکا قہر اپنا رنگ دکھاتا ہے۔ اللہ کا خوف اسی میں ہے کہ انسان دیکھے کہ اسکا قول و فعل کہاں تک ایک دوسرے سے مطابقت رکھتا ہے پھر جب دیکھے کہ اسکا قول و فعل برابر نہیں تو سمجھ لے کہ وہ مورد غضب الٰہی ہوگا۔ جو دل ناپاک ہے خواہ قول کتنا ہی پاک ہو۔ وہ دل خدا کی نگاہ میں قیمت نہیں پاتا۔ بلکہ خدا کا غضب مشتعل ہوگا۔ پس میری جماعت سمجھ لے کہ وہ میرے پاس آئے ہیں اسی لئے کہ تخم ریزی کیجاوے جس

سے وہ پھلدار درخت ہو جاوے۔ پس ہر ایک شخص اندر غور کرے کہ اوس کا اندرونہ کیسا ہے اور اُسکی باطنی حالت کیسی ہے اگر ہماری جماعت بھی خدانخواستہ ایسی ہے کہ اُس کی زبان پر کچھ ہے اور دل میں کچھ ہے تو پھر خاتمہ بالخیر نہ ہوگا۔ اللہ تعالیٰ جب دیکھتا ہے کہ ایک جماعت جو دل سے خالی ہے محض زبانی دعوے کرتی ہے۔ وہ غنی ہے وہ پروا نہیں کرتا۔ بدر کی فتح کی پیشگوئی ہو چکی تھی۔ ہر طرح فتح کی امید تھی۔ لیکن پھر بھی آنحضرت صلعم رو رو کر دعا مانگتے تھے۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے عرض کیا کہ جب ہر طرح فتح کا وعدہ ہے تو پھر ضرورت الحاح کیا ہے آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ وہ ذات غنی ہے۔ یعنی ممکن ہے کہ وعدۂ الٰہی میں کوئی مخفی شرائط ہوں۔

پس ہمیشہ دیکھنا چاہئے کہ ہم نے تقوےٰ و طہارت میں کہاں تک ترقی کی ہے اسکا معیار قرآن ہے اللہ تعالیٰ نے متقی کے نشانوں میں ایک یہ بھی نشان رکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ متقی کو مکروہات دنیا سے آزاد کر کے اوسکے کاموں کا خود متکفل ہو جاتا ہے جیسے کہ فرمایا۔ و من یتق اللّٰہ یجعل لہ مخرجا و یرزقہ من حیث لا یحتسب۔ ش۔ جو شخص خدا تعالیٰ سے ڈرتا ہے اللہ تعالیٰ ہر ایک مصیبت میں اسکے لئے رستہ مخلصی کا نکال دیتا ہے اور اسکے لئے ایسے روزی کے سامان پیدا کر دیتا ہے کہ اسکے علم و گمان میں نہ ہوں یعنی یہ بھی ایک علامت متقی کی ہے کہ اللہ تعالیٰ متقی کو نابکار ضرورتوں کا محتاج نہیں کرتا۔ مثلاً ایک دوکاندار یہ خیال کرتا ہے کہ دروغگوئی کے سوا اسکا کام ہی نہیں چل سکتا اسلئے وہ دروغگوئی سے باز نہیں آتا۔ اور جھوٹ بولنے کے لئے وہ مجبوری ظاہر کرتا ہے لیکن یہ امر ہرگز سچ نہیں۔ خدا تعالیٰ متقی کا خود محافظ ہو جاتا اور اُسے ایسے موقع سے بچا لیتا ہے جو خلاف حق پر مجبور کرنے والے ہوں۔ یاد رکھو جب اللہ تعالیٰ کو کسی نے چھوڑا تو خدا نے اُسے چھوڑ دیا۔ جب رحمان نے چھوڑ دیا تو ضرور شیطان اپنا رشتہ جوڑیگا۔

یہ نہ سمجھو کہ اللہ تعالیٰ کمزور ہے وہ بڑی طاقت والی ذات ہے جب اسپر کسی امر میں بھروسہ کرو گے۔ وہ ضرور تمہاری مدد کریگا۔ و من یتوکل علی اللّٰہ فھو حسبہ۔ ش۔ لیکن جو لوگ ان آیات کے پہلے مخاطب تھے وہ اہل دین تھے اُنکی ساری فکریں محض دینی امور کے لئے تھیں اور دنیوی امور حوالہ بخدا تھے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے اُنکو تسلی دی کہ میں تمہارے ساتھ ہوں غرض برکات تقوےٰ میں سے ایک یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ متقی کو اُن مصائب سے مخلصی بخشتا ہے جو دینی امور کے معارج ہوں۔

ایسا ہی اللہ تعالیٰ متقی کو خاص طور پر رزق دیتا ہے۔ یہاں میں معارف کے رزق کا ذکر کرونگا۔

آنحضرت کو باوجود اُمی ہونے کے تمام جہان کا مقابلہ کرنا تھا۔ جسمیں اہل کتاب۔ فلاسفر اعلےٰ درجہ کے علمی مذاق والے لوگ اور عالم فاضل شامل تھے لیکن آپکو روحانی رزق اسقدر ملا کہ آپ سب پر غالب آئے اور ان سب کی غلطیاں نکالیں۔

ہے یہ روحانی رزق تھا کہ جسکی نظیر نہیں متقی کی شان میں دوسری جگہہ یہ بھی آیا ہے۔ ان اولیاءہ الا المتقون سو۔ اللہ کے ولی وہ ہیں جو متقی ہیں یعنی اللہ تعالیٰ کے دوست۔ پس یہ کیسی نعمت ہے کہ تھوڑی سی تکلیف سے خدا کا مقرب کہلاوے۔ آجکل زمانہ کسقدر پست ہمت ہے اگر کوئی حاکم یا افسر کسی کو یہ کہدے کہ تو میرا دوست ہے یا اسکو کرسی دے اور اوسکی عزت کرے تو وہ شیخی کرتا ہے۔ فخر کرتا پھرتا ہے۔ لیکن اوس انسان کا کسقدر افضل رتبہ ہوگا جسکو اللہ تعالیٰ اپنا ولی یا دوست کہکر پکارے۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت رسول اکرم کی زبان سے یہ وعدہ فرمایا ہے جیسے کہ ایک حدیث بخاری میں مروی ہے۔ لا یزال یتقرب عبدی بالنوافل حتی احببتہ فاذا احببتہ کنت سمعہ الذی یسمع بہ و بصرہ الذی[1] یعنے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میرا ولی ایسا قرب میرے ساتھ بذریعہ نوافل کے پیدا کرلیتا ہے الخ .... انسان جسقدر نیکیاں کرتا ہے اوسکے دو حصے ہوتے ہیں۔ ایک فرائض دوسرے نوافل۔ فرائض یعنے جو انسان پر فرض کیا گیا ہو۔ جیسے قرضہ کا اوتارنا۔ یا نیکی کے مقابل نیکی۔ ان فرائض کے علاوہ ہر ایک نیکی کیساتھ نوافل ہوتے ہیں۔ یعنے ایسی نیکی جو اوسکے حق سے فاضل ہو جیسے احسان کے مقابل احسان علاوہ اور احسان کرنا یہ نوافل ہیں۔ یہ بطور تکملات اور متممات فرائض کے ہیں۔ اس حدیث میں بیان ہے کہ اولیاء اللہ کے دینی فرائض کی تکمیل نوافل سے ہوتی ہے مثلاً زکوٰۃ کے علاوہ اور صدقات دیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ انکا کفیل ہو جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اسکی دوستی یہانتک ہوتی ہے کہ میں اوسکے ہاتھ پاؤں وغیرہ حتی کہ اوسکی زبان ہو جاتا ہوں۔ جس سے وہ بولتا ہے۔ بات یہ ہے کہ جب انسان جذبات نفس سے پاک ہوتا ہے اور نفسانیت چھوڑ کر خدا کے ارادوں کے اندر چلتا ہے اوسکا کوئی فعل ناجائز نہیں ہوتا۔ بلکہ ہر ایک فعل خدا کی منشاء کے مطابق ہوتا ہے جہاں لوگ ابتلا میں پڑتے ہیں وہاں یہ امر ہمیشہ ہوتا ہے کہ وہ فعل خدا کے ارادہ کے مطابق نہیں ہوتا خدا کی رضا اسکے برخلاف ہوتی ہے ایسا شخص اپنے جذبات کے نیچے چلتا ہے مثلاً غصہ میں آ کر کوئی ایسا فعل اوس سے سرزد ہو جاتا ہے جس سے مقدمات بن جاتے ہیں فوجداریاں ہو جاتی ہیں۔ مگر اگر کسی کا یہ ارادہ ہو کہ بلا استصواب کتاب اللہ اسکا حرکت و سکون نہ ہوگا اور اپنی ہر ایک بات پر کتاب اللہ کی طرف رجوع کریگا۔ تو یقینی امر ہے کہ کتاب اللہ مشورہ دیگی۔ جیسے فرمایا ولا رطب ولا یابس الا فی کتاب مبین۔ سو اگر ہم یہ ارادہ کریں کہ ہم مشورہ کتاب اللہ سے لیں گے تو ہمکو ضرور مشورہ ملیگا۔ لیکن جو اپنے جذبات کا تابع ہے وہ ضرور نقصان میں ہی پڑے گا۔ بسا اوقات وہ اسجگہ مواخذہ میں پڑیگا۔ سو اسکے مقابل اللہ نے فرمایا کہ ولی جو میرے ساتھ بولتے چلتے کام کرتے ہیں۔ وہ گویا اوسی میں محو ہیں۔ سو جسقدر کوئی محویت میں کم ہے وہ اوتنا ہی خدا سے دور ہے لیکن اگر اوسکی محویت ویسی ہی ہے جیسے خدا نے فرمایا۔ تو اوسکے ایمان کا اندازہ نہیں۔ اونکی حمایت میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ من عادی لی ولیا فقد آذنتہ بالحرب الحدیث۔

[1] بقیہ حدیث و بصرہ الذی یبصر بہ و یدہ التی یبطش بہا و رجلہ التی یمشی بہا و لئن سألنی لاعطینہ و لئن استعاذنی لاعیذنہ۔

جو شخص میرے ولی کا مقابلہ کرتا ہے۔ وہ میرے ساتھ مقابلہ کرتا ہے۔ اب دیکھو کہ متقی کی شان کس قدر بلند ہے۔ اور اُس کا پایہ کس قدر عالی ہے جس کا قرب خدا کی جناب میں ایسا ہے کہ اُسکا ستایا جانا خدا کا ستایا جانا ہے۔ تو خدا اُسکا کس قدر معاون و مددگار ہوگا۔ لوگ بہت سی مصائب میں گرفتار ہوتے ہیں لیکن متقی بچائے جاتے ہیں۔ بلکہ اُنکے پاس جو آجاتا ہے وہ بھی بچایا جاتا ہے۔ مصائب کی کوئی حد نہیں۔ انسان کا اپنا اندر اسقدر مصائب سے بھرا ہوا ہے کہ اسکا کوئی اندازہ نہیں امراض کو ہی دیکھ لیا جاوے کہ ہزارہا مصائب کے پیدا کرنے کو کافی ہیں۔ لیکن جو تقویٰ کے قلعہ میں ہوتا ہے وہ اُن سے محفوظ ہے اور جو اس سے باہر ہے وہ ایک ایسے جنگل میں ہے جو درندہ جانوروں سے بھرا ہوا ہے۔ متقی کیلئے ایک اور بھی امن ہے۔ لہم البشریٰ فی الحیوٰۃ الدنیا و فی الاخرۃ - الآیہ - س ۱۱ - یعنے جو متقی ہوتے ہیں اُنکو اسی دنیا میں بشارتیں سچے خوابوں کے ذریعہ ملتی ہیں۔ بلکہ اس سے بھی بڑھکر وہ صاحب مکاشفات و الہامات ہو جاتے ہیں۔ مکالمۃ اللہ کا شرف حاصل کرتے ہیں وہ بشریت کے لباس میں ہی ملائکہ کو دیکھ لیتے ہیں جیسے کہ فرمایا۔ ان الذین قالوا ربنا اللہ ثم استقاموا تتنزل علیہم الملائکۃ الخ س ۲۴ - یعنے جو لوگ کہتے ہیں کہ ہمارا رب اللہ ہے اور استقامت دکھلاتے ہیں الخ - یعنے ابتلا کے وقت ایسا شخص دکھلا دیتا ہے کہ جو منہ سے وعدہ کیا تھا وہ عملی طور سے پورا کرتا ہوں۔ کیونکہ ابتلا ضروری ہے۔ جیسے آیت اشارہ کرتی ہے۔ احسب الناس ان یترکوا ان یقولوا آمنا وہم لا یفتنون - س ۲۰ - اللہ تعالےٰ فرماتا ہے کہ جنہوں نے کہا کہ ہمارا رب اللہ ہے اور استقامت کی اُنپر فرشتے اُترتے ہیں۔ مفسرین کی غلطی ہے۔ کہ فرشتوں کا اُترنا نزع میں ہے۔ یہ غلط ہے اسکا مطلب یہ ہے کہ جو لوگ دلکو صاف کرتے ہیں اور نجاست اور گندگی سے جو اللہ سے دور رکھتی ہے اپنے نفس کو دور رکھتے ہیں۔ اُنمیں سلسلہ الہام کے لئے ایک مناسبت پیدا ہو جاتی ہے۔ سلسلہ الہام شروع ہو جاتا ہے۔ پھر متقی کی شان میں ایک اور جگہ فرمایا۔ الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیہم ولا ہم یحزنون س ۱۱ - یعنے جو اللہ کے ولی ہیں اُنکو کوئی غم نہیں جسکا خدا متکفل ہو اُسکو کوئی تکلیف نہیں کوئی مقابلہ کرنیوالا ضرر نہیں دے سکتا۔ اگر خدا ولی ہو جاوے۔ پھر فرمایا۔ وابشروا بالجنۃ التی کنتم توعدون - س ۲۴ - یعنے تم اس جنت کیلئے خوش ہو جسکا تمکو وعدہ ہے قرآن کی تعلیم سے پایا جاتا ہے کہ انسان کیلئے دو جنت ہیں۔ جو شخص خدا سے پیار کرتا ہے کیا وہ ایک جلنے والی زندگی میں رہ سکتا ہے۔ جب اسجگہ ایک حاکم کا دوست دنیوی تعلقات میں ایک قسم کی بہشتی زندگی میں ہوتا ہے تو کیوں اُنکے لئے دروازہ جنت کا نہ کھلیگا جو اُسکے دوست ہیں۔ اگرچہ دنیا پُر تکلیف مقام ہے لیکن کسی کو کیا خبر وہ کیسی لذت اُٹھاتے ہیں۔ اگر اُنکو رنج ہو تو آدھ گھنٹہ تکلیف اُٹھانا

بھی مشکل ہے حالانکہ وہ تو تمام عمر تکلیف میں رہتے ہیں۔ ایک زمانہ کی سلطنت اُنکو دیکر اگر اُنکو اپنے کام سے روکا جاوے تو وہ کب کسی سے رکتے ہیں۔ اسی طرح خواہ مصیبت کے پہاڑ ٹوٹ پڑیں وہ اپنے ارادہ کو نہیں چھوڑتے۔ ہمارے ہادی کامل کو یہ دونو باتیں دیکھنی پڑیں ایک وقت تو طائف میں پتھر برسائے گئے ایک کثیر جماعت نے سخت سے سخت جسمانی تکلیف دی۔ لیکن آنحضرتؐ کے استقلال میں فرق نہ آیا۔ جب قوم نے دیکھا کہ مصائب شدائد سے اُنپر کوئی اثر نہ پڑا تو اُنہوں نے جمع ہو کر بادشاہت کا وعدہ دیا۔ اپنا امیر بنانا چاہا۔ ہر ایک قسم کے سامان آسائش مہیا کر دینے کا وعدہ کیا۔ حتی کہ عمدہ سے عمدہ بی بی بھی بدیں شرط کہ حضرت بتوں کی مذمت چھوڑ دیں لیکن جیسے کہ طائف کی مصیبت کیوقت ویسی ہی اس تمام بادشاہت کیوقت حضرتؐ نے کچھ پروا نہ کی اور پتھر کھانیکو ترجیح دی۔ سو جبتک خاص لغت نہ ہو تو کیا ضرورت تھی۔ کہ آرام چھوڑ کر دکھوں میں پڑتے۔

یہ موقع سوا ہمارے رسول علیہ الصلوٰۃ والتحیات کے کسی اور نبی کو نہ ملا۔ کہ اُن کو نبوت کا کام چھوڑنے کیلئے کوئی وعدہ دیا گیا ہو۔ مسیح کو بھی یہ امر نصیب نہوا۔ دُنیا کی تاریخ میں صرف آنحضرتؐ کیساتھ ہی یہ معاملہ ہوا کہ آپکو سلطنت کا وعدہ دیا گیا۔ اگر آپ اپنا کام چھوڑ دیں۔ سو یہ عزت ہمارے رسول مقبول کیساتھ ہی خاص ہے۔ اسی طرح ہمارے ہادی کامل کو دونو زمانہ تکلیف اور فتحمندی کے نصیب ہوئے تاکہ وہ دونو اوقات میں کامل نمونہ اخلاق کا دکھا سکیں۔

اللہ تعالی نے متقیوں کیلئے چاہا ہے کہ ہر دو لذتیں اُٹھائیں بعض وقت دنیوی لذات آرام اور طیبات کے رنگ میں بعض وقت عسرت اور مصائب میں۔ تاکہ وہ دونو اخلاق کا نمونہ دکھا سکیں بعض اخلاق طاقت میں اور بعض مصائب میں کھلتے ہیں۔ ہمارے نبی کریم کو یہ دونو باتیں میسر آئیں۔ سو جس قدر ہم آپکے اخلاق پیش کر سکینگے۔ کوئی اور قوم اپنے کسی نبی کے اخلاق پیش نہ کر سکیگی۔ جیسے مسیح کا صرف صبر ظاہر ہو سکتا ہے کہ وہ مار کھاتا رہا لیکن یہ کہاں سے نکلیگا۔ کہ اُنکو طاقت نصیب ہوئی۔ وہ نبی بیشک سچے ہیں لیکن اُنکے ہر قسم کے اخلاق ثابت نہیں۔ چونکہ اُنکا ذکر قرآن میں آگیا اس لئے ہم اُنکو نبی مانتے ہیں ورنہ انجیل میں تو اُنکا کوئی ایسا خلق ثابت نہیں جیسے اولوالعزم انبیا کی شان ہوتی ہے ویسا ہی ہمارے ہادی کامل بھی اگر ابتدائی تیرہ برس کی مصائب میں مرجاتے تو اُنکے بہت سے اور اخلاق کا فیصلہ مسیح کیطرح ثابت نہوتے لیکن جب زمانہ فتح کا آیا اور مجرم آپکے سامنے پیش کئے گئے تب آپ کی صفت رحم اور عفو کا کامل ثبوت ملا۔ اور اس سے یہ بھی ظاہر ہے کہ آپکے کام کوئی جبر پر منحصر نہ تھے نہ زبردستی تھی بلکہ ہر ایک امر اپنے طبعی رنگ میں ہوا۔ اسی طرح آپکے اور بہت سے اخلاق بھی ثابت ہیں۔ سو اللہ تعالی نے یہ جو فرمایا۔ کہ نحن اولیاؤکم فی الحیوٰۃ وفی الآخرۃ۔ اس

کہ ہم اس دنیا میں بھی اور آئندہ بھی متقی کے ولی ہیں۔ سو یہ آیت بھی تکذیب میں اون نادانوں کی ہے جنھوں نے اس زندگی میں نزول ملائکہ سے انکار کیا۔ اگر نزع میں نزول ملائکہ تھا۔ تو حیات الدنیا میں خدا تعالی کیسے ولی ہوا۔

سو یہ ایک نعمت ہے کہ دیدوں کو خدا کے فرشتے نظر آتے ہیں۔ آئندہ کی زندگی محض ایمانی ہے لیکن ایک متقی کو آئندہ کی زندگی یہیں دکھلائی جاتی ہے۔ اور نہیں اسی زندگی میں خدا ملتا ہے نظر آتا ہے اون سے باتیں کرتا ہے۔ سو اگر ایسی صورت کسی کو نصیب نہیں تو اسکا مرنا اور یہاں سے چلے جانا نہایت خراب ہے ایک ولی کا قول ہے کہ جسکو ایک خواب سچا عمر میں نصیب نہیں ہوا اسکا خاتمہ خطرناک ہے جیسے کہ قرآن مومن کے یہ نشان ٹھہراتا ہے۔ سو جسمیں یہ نشان نہیں اسمیں تقوے نہیں۔ سو ہم سب کی یہہ دعا چاہیے کہ یہ شرط ہم میں رہے۔ الله تعالے کی طرف سے الہام۔ خواب۔ مکاشفات۔ کا فیضان ہو کیونکہ یہ مومن کا خاصہ ہے سو یہ ہونا چاہیے۔ بہت سی اور بھی آیتیں ہیں جو متقی کو ملتی ہیں۔ مثلاً سورہ فاتحہ میں جو قرآن کے شروع پر ہی ہے۔ الله تعالے مومن کو ہدایت کرتا ہے۔ کہ وہ دعا مانگیں۔ اهدنا الصراط المستقيم صراط الذين انعمت عليهم غير المغضوب عليهم ولا الضالين۔ س ل۔ یعنے ہمیں وہ راہ سیدھی بتلا اون لوگوں کی جن پر تیرا انعام و فضل ہے۔ یہ اسلیے سکھائی گئی ہے کہ انسان عالی ہمت ہو کر اپنے خالق کا منشاء سمجھے اور وہ یہ ہے کہ یہ امت بہائم کی طرح زندگی بسر نہ کرے۔ بلکہ اُسکے تمام پردے کھل جاویں۔ جیسے کہ شیعوں کا عقیدہ ہے کہ ولایت بارہ اماموں کے بعد ختم ہو گئی۔ برخلاف اسکے اس دعا سے ظاہر ہوتا ہے کہ خدا نے پہلے سے ارادہ کر رکھا ہے کہ جو متقی ہو اور خدا کی منشاء کے مطابق ہو تو وہ اُن مراتب کو حاصل کر سکے جو انبیاء اور اصفیا کو حاصل ہوتے ہیں۔ اس سے یہ بھی پایا جاتا ہے کہ انسان کو بہت سے قوے ملے ہیں۔ جنھوں نے نشو و نما پایا ہے۔ اور بہت ترقی کرتا ہے۔ ہاں ایک بکرا چونکہ انسان نہیں اُسکے قوے ترقی نہیں کر سکتے۔ عالی ہمت انسان جب رسولوں اور اولیا کے حالات سنتا ہے تو چاہتا ہے کہ وہ انعامات جو ہر ایک جماعت کو حاصل ہوئے اسپر نہ صرف ایمان ہی ہو۔ بلکہ اُسے بتدریج اُن انعامات کا علم الیقین۔ عین الیقین اور حق الیقین ہو جاوے۔

علم کے تین مدارج ہیں علم الیقین۔ عین الیقین۔ حق الیقین۔ مثلاً ایک جگہ سے دھواں نکلتا دیکھ کر آگ کا یقین کر لینا علم الیقین ہے۔ لیکن خود آنکھ سے آگ کا دیکھنا عین الیقین ہے۔ اس سے بڑھ کر درجہ حق الیقین کا ہے یعنے آگ میں ہاتھ ڈال کر جلن اور حرارت سے یقین کر لینا۔ کہ آگ موجود ہے۔ پس کیسا وہ شخص بد قسمت ہے جسکو تینوں میں سے کوئی درجہ حاصل نہیں۔ اس آیت کے مطابق جسپر الله کا فضل نہیں وہ کورانہ تقلید میں پھنسا ہوا ہے۔ الله تعالے فرماتا ہے۔ والذين جاهدوا

فینا لنہدینہم سبلنا - س ۲۱ - جو ہمارے راہ میں مجاہدہ کریگا - ہم اُسکو اپنی راہیں دکھلا دینگے - یہ وعدہ ہی اور موعود
دعا ہی - کہ اہدنا الصراط المستقیم - سو انسان کو چاہیئے کہ اسکو مد نظر رکھکر نمازیں بالحاح دعا کرے اور تمنا رکھے
کہ وہ بھی اُن لوگوں میں سے ہو جائے جو تقوی اور بصیرت حاصل کر چکے ہیں - ایسا نہ ہو کہ اس جہان سے بے بصیرت اور اندھا اٹھایا جاوے چنانچہ
فرمایا - من کان فی ہذہ اعمی فہو فی الآخرۃ اعمی - الآیہ س ۱۵ - کہ جو اس جہان میں اندھا ہی - وہ اُس جہان میں
بھی اندھا ہی - جسکی منشا یہ ہی کہ اُس جہان کے مشاہدہ کیلئے اسی جہان سے ہمکو آنکھیں لیجانی ہیں - آئندہ جہان کو محسوس کرنے
کیلئے حواس کی طیاری اسی جہان میں ہوگی - پس کیا یہ گمان ہو سکتا ہی کہ اللہ تعالی وعدہ کرے اور پورا نکرے - اندھے
سے مراد وہ ہی جو روحانی معارف اور روحانی لذات سے خالی ہی - ایک شخص کورانہ تقلید سے مسلمانوں کے گھر میں پیدا ہو گیا مسلمان
کہلاتا ہے - دوسری طرف اسیطرح ایک عیسائی عیسائیوں کے ہاں پیدا ہوکر عیسائی ہو گیا - یہی وجہ ہی کہ ایسے شخص کو خدا رسول
اور قرآن کی کوئی عزت نہیں ہوتی - اُسکی دین سے محبت بھی قابل اعتراض ہی خدا اور رسول کی ہتک ہوا کریں اُسکا
کچھ نہیں ہوتا ہی اسکی وجہ صرف یہ ہی کہ ایسے شخص کی روحانی آنکھ نہیں - اُسمیں محبت دینی نہیں - ورنہ محبت والا اپنے محبوب
کے برخلاف کیا کچھ پسند کرتا ہی - غرض اللہ تعالے نے سکھلایا ہی کہ میں دینے کو طیار ہوں تو لینے کو طیار ہو - پس یہ دعا کرنا ہی اس
جماعت کو متقی کی طیاری ہی اس دعا کے بعد سورہ بقرہ کے شروع میں ہی ہے ہدی للمتقین کہا گیا - تو گویا خدا تعالے نے دینے
کی طیاری کی - یعنے یہ کتاب متقی کو کمال تک پہونچانے کا وعدہ کرتی ہی - سو اسکے معنے یہ ہیں کہ یہ کتاب انکے لئے نافع
ہے - جو پرہیز کرنے اور نصیحت سننے کو طیار ہوں - اس وجہ کا متقی وہ ہی جو مخلصاً بالطبع ہو کر حق کی بات سننے کو طیار ہو
جیسے جب کوئی مسلمان ہوتا ہی تو وہ متقی بنتا ہی - جب کسی غیر مذہب کے اچھے دن آئے تو اسمیں اتقا پیدا ہوا - عجب و
پندار دور ہوا - یہ تمام روکیں جو تھیں دور ہو گئیں - انکے دور ہونے سے تاریک گھر کی کھڑکی کھل گئی - اور شعاعیں اندر داخل
ہو گئیں - یہ جو فرمایا کہ یہ کتاب متقین کی ہدایت ہی - یعنے ہدی للمتقین - تو اتقا جو افتعال کے باب پر ہی اور
یہ باب تکلف کے لئے آیا کرتا ہی یعنے اسمیں اشارہ ہی کہ جسقدر یہاں ہم تقوے چاہتے ہیں - وہ تکلف سے خالی
نہیں جسکی حفاظت کے لئے اس کتاب میں ہدایات ہیں - گویا متقی کو نیکی کرنے میں تکلیف سے کام لینا پڑتا ہی جب
یہ درجہ گذر جاتا ہی تو سالک عبد صالح ہو جاتا ہی گویا تکلیف کا رنگ دور ہوا - اور صالح نے طبعًا و فطرتًا نیکی شروع
کی وہ ایک قسم کے دار الامان میں ہی جسکو کوئی خطرہ نہیں - اب کل جنگ اپنے نفسانی جذبات کے برخلاف ختم ہو چکے اور

وہ امن میں آ گیا۔ اور ہر ایک قسم کے خطرات سے پاک ہو گیا۔ اسی امر کی طرف ہمارے ہادی کامل نے اشارہ کیا ہے فرمایا کہ
ہر ایک کے ساتھ شیطان ہوتا ہے لیکن میرا شیطان مسلم ہو گیا ہے۔ سو متقی کو ہمیشہ شیطان کے مقابل جنگ ہے لیکن جب وہ صالح
ہو جاتا ہے تو کل جنگیں بھی ختم ہو جاتی ہیں۔ مثلاً ایک سپاہی ہو جس کو آٹھوں پہر جنگ ہے۔ متقی ایک ایسے میدان میں
ہے جہاں ہر وقت لڑائی ہے۔ اللہ کے فضل کا ہاتھ اسکے ساتھ ہو۔ تو اسے فتح ہو۔ جیسے ریا جسکی چال ایک چیونٹی کی طرح
ہے۔ بعض وقت انسان بے سمجھے لیکن موقعہ پر ریا کو دل میں پیدا ہونیکا موقعہ دیدیتا ہے۔ مثلاً ایک کا چاقو گم ہو جاوے
اور وہ دوسرے سے دریافت کرے۔ تو اس موقعہ پر ایک متقی کا جنگ شیطان سے شروع ہو جاتا ہے۔ جو اسے سکھاتا ہے۔ کہ
مالک چاقو کا اسطرح دریافت کرنا ایک قسم کی بے عزتی ہے جس سے اسکی افروختہ ہونیکا احتمال ہوتا ہے اور ممکن ہے کہ آپسمیں لڑائی
بھی ہو جاوے۔ اس موقعہ پر ایک متقی کو اپنے نفس کی بدخواہش سے جنگ ہے۔ اگر اس شخص میں محض دیانت موجود
ہو۔ تو غصہ کرنے کی اسمیں ضرورت ہی کیا ہے۔ کیونکہ دیانت جس قدر مخفی رکھی جاوے اسی قدر بہتر ہو۔ مثلاً ایک جوہری کو راستہ
میں چند چور مل جاویں اور چور آپسمیں اسکے متعلق مشورہ کریں۔ بعض اسے دولتمند بتلاویں اور بعض کہیں کہ وہ کنگال ہے۔
اب مقابلتاً یہ جوہری انہیں کو پسند کریگا۔ جو اسے کنگال ظاہر کریں گے۔ اسی طرح یہ دنیا کیا ہے۔ ایک قسم کی دار الابتلا
ہے۔ وہی اچھا ہے جو ہر ایک امر خفیہ رکھے اور ریا سے بچے۔ وہ لوگ جن کے اعمال للّٰہی ہوتے ہیں۔ وہ کسی پر اپنے
اعمال کو ظاہر ہونے نہیں دیتے۔ یہی لوگ متقی ہیں۔ میں نے تذکرۃ الاولیاء میں دیکھا ہے۔ کہ ایک مجمع میں ایک بزرگ نے سوال
کیا۔ کہ اسکو کچھ روپیہ کی ضرورت ہے۔ کوئی اوس کی مدد کرے۔ ایک نے صالح سمجھ کر اسکو ایک ہزار روپیہ دیا۔ انہوں
نے روپیہ لیکر اسکی سخاوت اور فیاضی کی تعریف کی۔ اس بات پر وہ رنجیدہ ہوا۔ کہ جب یہاں ہی تعریف ہو گئی تو
شائد ثواب آخرت سے محرومیت ہو۔ تھوڑی دیر کے بعد وہ آیا۔ اور کہا کہ وہ روپیہ اسکی والدہ کا تھا جو دینا نہیں
چاہتی۔ چنانچہ وہ روپیہ واپس دیا گیا جسپر ہر ایک نے لعنت کی اور کہا کہ جھوٹا ہے اصل میں یہ روپیہ دینا نہیں چاہتا جب
شام کے وقت وہ بزرگ گھر گیا۔ تو وہ شخص ہزار روپیہ اسکے پاس لایا۔ اور کہا کہ آپنے سر عام میری تعریف کرکے مجھے محروم
ثواب آخرت کیا۔ اس لئے میں نے یہ بہانہ کیا۔ اب یہ روپیہ آپکا ہے۔ لیکن آپ کسی کے آگے نام نہ لیں۔ بزرگ رو پڑا اور
کہا کہ اب تو قیامت تک مورد لعن طعن ہوا۔ کیونکہ کل کا واقعہ سب کو معلوم ہے۔ اور یہ کسی کو معلوم نہیں کہ تو نے مجھے روپیہ
ایک متقی تو اپنے نفس امارہ کے برخلاف جنگ کرکے اپنی خیال کو چھپاتا ہے۔ اور خفیہ رکھتا ہے لیکن اللہ تعالے

اُس خفیہ خیال کو ہمیشہ ظاہر کر دیتا ہے ۔۔۔۔ جیسا ایک بد معاش کسی بد چلنی کا مرتکب ہو کر خفیہ رہنا چاہتا ہے ۔ اُسی طرح ایک متقی چھپکر نماز پڑھتا ہے اور ڈرتا ہے ۔ کہ کوئی اُسکو نہ دیکھ لے ۔ سچا متقی ایک قسم کا ستر چاہتا ہے تقوے کے مراتب بہت ہیں لیکن بہرحال تقوے کیلئے تکلف ہے ۔ اور متقی حالت جنگ میں ہے ۔ اور صالح اُس جنگ سے باہر ہے جیسے کہ مثال کے طور پر اوپر ریا کا ذکر کیا ۔ جس سے متقی کو آٹھوں پہر جنگ ہے ۔

بسا اوقات ریا اور علم کا جنگ ہو جاتا ہے ۔ کبھی انسان کا غصہ کتاب اللہ کے برخلاف ہوتا ہے ۔ گالی سنکر اُسکا نفس جوش مارتا ہے ۔ تقوے تو اُسکو سکھلاتا ہے ۔ کہ وہ غصہ ہونے سے باز رہے جیسے قرآن کہتا ہے ۔ واذا مروا باللغو مروا کراماً ۔ س ۱۹ ۔ ایسا ہی بےصبری کیساتھ اُسے اکثر جنگ کرنا پڑتا ہے ۔ بےصبری سے مراد یہ ہے ۔ کہ اُسکو راہ تقوے میں اس قدر دقتوں کا مقابلہ ہے ۔ کہ مشکل سے وہ منزل مقصود پر پہونچتا ہے ۔ اسلئے بےصبر ہو جاتا ہے ۔ مثلاً ایک کنواں پچاس ہاتھ تک کھودنا ہے ۔ اگر دو چار ہاتھ کے بعد کھودنا چھوڑ دیا جاوے ۔ تو محض یہ ایک بدظنی ہے ۔ اب تقوی کی شرط یہ ہے ۔ کہ جو اللہ تعالے نے احکام دیئے اُسکو اخیر تک پہونچاوے اور بےصبر نہ ہو جاوے ۔

راہ سلوک میں مبارک قدم دو گروہ ہیں ۔ ایک دین العجائز والے جو موٹی موٹی باتوں پر قدم مارتے ہیں مثلاً احکام شریعت کے پابند ہو گئے ۔ اور نجات پا گئے ۔ دوسرے وہ جنہوں نے آگے قدم مارا ۔ ہرگز نہ تھکے اور چلتے گئے ۔ حتی کہ منزل مقصود تک پہنچ گئے ۔ لیکن نامراد ۔ وہ فرقہ ہے کہ دین العجائز سے تو قدم آگے رکھا ۔ لیکن منزل سلوک کو طے نہ کیا ۔ وہ ضرور دہریہ ہو جاتے ہیں ۔ جیسے بعض لوگ کہتے ہیں کہ ہم تو نمازیں بھی پڑھتے رہے ۔ چلہ کشیاں بھی کیں لیکن فائدہ کچھ نہ ہوا ۔ جیسے ایک شخص متعلق مسیح نے بیان کیا ۔ کہ اُسکی عیسائیت کا باعث یہی تھا ۔ کہ وہ مرشدوں کے پاس گیا ۔ چلہ کشی کرتا رہا ۔ لیکن کچھ فائدہ نہ ہوا ۔ بدظن ہو کر عیسائی ہو گیا ۔ سو جو لوگ بےصبری کرتے ہیں ۔ وہ شیطان کے قبضہ میں آ جاتے ہیں ۔ سو متقی کو بےصبری کیساتھ بھی جنگ ہے ۔ بوستان میں ایک عابد کا ذکر کیا گیا ہے ۔ کہ جب کبھی وہ عبادت کرتا ۔ تو ہاتف یہی آواز دیتا کہ تو مردود و مخذول ہے ۔ ایکدفعہ ایک مرید نے یہ آواز سن لی اور کہا کہ اب تو فیصلہ ہو گیا ۔ اب ٹکریں مارنے سے کیا فائدہ ہوگا ۔ وہ بہت رویا اور کہا کہ میں اُس جناب کو چھوڑ کر کہاں جاؤں اگر ملعون ہوں تو ملعون ہی سہی ۔ غنیمت ہے کہ مجھ کو ملعون تو کہا جاتا ہے ۔ ابھی یہ باتیں مرید سے ہو ہی رہی تھیں ۔ کہ آواز آئی کہ تو مقبول ہے ۔ سو یہ سب صدق و صبر کا نتیجہ تھا ۔ جو متقی میں ہونا

شرط ہے۔ یہ جو فرمایا کہ والذین جاہدوا فینا لنہدینہم سبلنا۔ س ۲۱۔ یعنے ہمارے راہ کے مجاہد رستہ پاویں گے۔
اسکے معنے یہ ہیں کہ اس راہ میں ہمیں ہر کے ساتھ جدوجہد کرنا ہوگا۔ ایک دو گھنٹہ کے بعد بھاگ جانا مجاہد کا کام نہیں
بلکہ جان دینے کیلئے طیار رہنا۔ یہ کام جو متقی کی نشانی استقامت ہے۔ جیسے کہ فرمایا۔ ان الذین قالوا ربنا
اللہ ثم استقاموا الخ۔ یعنے جنہوں نے کہا کہ رب ہمارا اللہ ہے۔ اور استقامت دکھلائی اور ہر طرف سے منہ پھیر کر اللہ کو
ڈھونڈھا۔ مطلب یہ کہ کامیابی استقامت پر موقوف ہے اور وہ اللہ کو پہچاننا اور کسی ابتلا اور زلازل اور امتحان سے نہ ڈرنا ہے
ضرور اسکا نتیجہ یہ ہوگا۔ کہ مورد مخاطبہ و مکالمہ الٰہی - انبیاء کی طرح ہوگا - بہت سے لوگ یہاں آتے
ہیں۔ اور چاہتے ہیں کہ پھونک مار کر عرش پر پہونچا دے۔ اور واصلین سے ہو جاویں۔ ایسے لوگ ٹھٹھہ کرتے ہیں وہ انبیاء کے
حالات کو دیکھیں۔ یہ غلطی ہے۔ جو کہا جاتا ہے۔ کہ کسی ولی کے پاس جا کر صدہا ولی فی الفور بن گئے۔ اللہ تعالےٰ
تو یہ فرماتا ہے۔ کہ۔ احسب الناس ان یترکوا ان یقولوا آمنا وہم لا یفتنون۔ س ۲۰۔ جب تک انسان
آزمایا نہ جاوے۔ فتن میں نہ ڈالا جاوے۔ وہ کب ولی بن سکتا ہے۔ ایک مجلس میں بایزید وعظ فرما رہے تھے۔
وہاں ایک مشائخ زادہ بھی تھا۔ جو ایک لمبا سلسلہ رکھتا تھا۔ اسکو آپ سے اندرونی بغض تھا۔ اللہ تعالیٰ کا
یہ خاصہ ہے۔ کہ پرانے خاندانوں کو چھوڑ کر کسی اور کو لے لیتا ہے۔ جیسے بنی اسرائیل کو چھوڑ کر بنی اسماعیل کو لے لیا۔
کیونکہ وہ لوگ عیش و عشرت میں پڑ کر خدا کو بھول گئے تھے۔ وتلک الایام نداولہا بین الناس۔ س ۴۔
سو اس شیخ زادے کو خیال آیا۔ کہ یہ ایک معمولی خاندان کا آدمی ہے۔ کہاں سے ایسا صاحب خوارق آگیا۔ لوگ
اس طرف جھکتے ہیں۔ اور ہماری طرف نہیں آتے۔ یہ باتیں خدا تعالےٰ نے بایزید پر ظاہر کیں۔ انہوں نے ایک قصہ
کے رنگ میں یہ بیان شروع کیا۔ کہ ایک جگہ مجلس میں رات کے وقت ایک لمپ میں جل رہا تھا۔ تیل اور پانی
میں بحث ہوئی۔ پانی نے تیل کو کہا کہ تو کثیف اور گندہ ہے۔ اور باوجود کثافت کے میرے اوپر آتا ہے۔ میں ایک مصفا
چیز ہوں۔ اور طہارت کے لئے استعمال کیا جاتا ہوں۔ لیکن نیچے ہوں اسکا باعث کیا ہے۔ تیل نے کہا کہ جس
قدر صعوبتیں میں نے کھینچی ہیں۔ تو نے کہاں اٹھائی ہیں۔ جس کے باعث یہ بلندی مجھے نصیب ہوئی۔ ایک زمانہ تھا۔
جب میں بویا گیا۔ زمین میں مخفی رہا۔ خاکسار ہوا۔ پھر خدا کے ارادہ سے بڑھا۔ بڑھنے نہ پایا۔ کہ کاٹا گیا۔ پھر طرح
طرح کی مشقتوں کے بعد صاف کیا گیا۔ کولھو میں پیسا گیا۔ پھر تیل بنا۔ اور آگ لگائی گئی۔ کیا ان مصائب کے

جو بھی میں بلندی حاصل نہ کرتا۔ یہہ ایک مثال ہے۔ کہ اہل اللہ مصائب شدائد کے بعد درجات پاتے ہیں۔ لوگوں کا یہہ خیال خام ہے۔ کہ فلاں شخص فلاں کے پاس جاکر بلا مجاہدہ و تزکیہ ایک دم میں صدیقین میں داخل ہو گیا۔ قرآن کو دیکھو کہ خدا کس طرح تم پر راضی ہو۔ جب تک نبیوں کی طرح تم پر مصائب و زلازل نہ آویں۔ جنہوں نے بعض وقت تنگ آکر یہ بھی کہدیا۔ حتیٰ یقول الرسول والذین آمنوا معہٗ متیٰ نصر اللّٰہ۔ الا ان نصر اللّٰہ قریب۔ س ۲۔ اللّٰہ کے بندے ہمیشہ بلاؤں میں ڈالے گئے۔ پھر خدا نے اُن کو قبول کیا۔

صوفیوں نے ترقیات کی دو راہیں لکھی ہیں۔ ایک سلوک۔ دوسرا جذب۔ سلوک۔ وہ ہے۔ جو لوگ آپ عقلمندی سے سوچ کر اللہ و رسول کا راہ اختیار کرتے ہیں۔ جیسے فرمایا۔ قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللّٰہ۔ س ۳۔ یعنے اگر تم اللہ کے پیارے بننے چاہتے ہو تو رسول اکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی پیروی کرو۔ وہ ہادی کامل وہی رسول ہیں جنہوں نے وہ مصائب اُٹھائی کہ دنیا اپنے اندر نظیر نہیں رکھتی ایک دن بھی آرام نہ پایا۔ اب پیروی کرنے والے بھی حقیقی طور سے وہی ہوں گے۔ جو اپنے متبوع کے ہر قول و فعل کی پیروی پورے جد و جہد سے کریں۔ متبع وہی ہے۔ جو سب طرح پیروی کریگا۔

سہل انگار اور سخت گنہگار کو اللہ پسند نہیں کرتا۔ بلکہ وہ تو اللہ تعالےٰ کے غضب میں آوے گا۔ یہاں جو اللہ تعالےٰ نے رسول اکرم کی پیروی کا حکم دیا۔ تو سالک کا کام یہہ ہوگا کہ اول رسول اکرمؐ کی کل تاریخ دیکھے۔ اور پھر پیروی کرے۔ اسی کا نام سلوک ہے۔ اس راہ میں بہت مصائب شدائد ہوتے ہیں۔ ان سب کو اٹھانے کے بعد ہی انسان سالک ہوتا ہے۔

اہل جذب کا درجہ سالکوں سے بڑھا ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں سلوک ہی نہیں رکھتا۔ بلکہ خود انکو مصائب میں ڈالتا اور جذب بڑھاتا ہے کل انبیاء جذب ہی تھے۔ جو قوت انسانی روح کو مصائب کے مقابلہ سے ہوتی ہے۔ اُن سے فرشتہ کار اور تجربہ کار ہو کر روح چمک اُٹھتی ہے۔ جیسے کہ لوہا یا شیشہ اگرچہ چمک کا مادہ اپنے اندر رکھتا ہے۔ لیکن صیقلوں کے بعد ہی مجلّا ہوتا ہے۔ حتیٰ کہ اُسمیں منہ دیکھنے والے کا نظر آجاتا ہے۔ مجاہدات بھی صیقل کا ہی کام کرتے ہیں۔ دل کا صیقل یہاں تک ہوتا ہے کہ اُسمیں سے بھی مُنہ نظر آجاوے منہ کا نظر آنا کیا ہے۔ تخلقوا باخلاق اللّٰہ کا مصداق ہونا۔ سالک کا دل آئینہ ہے جسکو مصائب شدائد اسقدر صیقل دیتے ہیں کہ اخلاق الٰہی اُسمیں منعکس ہوتے ہیں اور ایسا تب ہوتا ہے جب بہت مجاہدات اور تزکیوں کے بعد اُسکے اندر کسی قسم کی کدورت یا کثافت نہ رہے۔ تب یہ درجہ نصیب ہوتا ہے ہر ایک مومن کو ایک حد تک ایسی

صفائی کی ضرورت ہے - کوئی مومن بلا آئینہ ہونیکے نجات نہ پاویگا - سلوک والا خود یہ صیقل کرتا ہے - اپنے کام سے مصائب اٹھاتا ہے - لیکن جذبہ والا مصائب میں ڈالا جاتا ہے خدا خود اُس کا مصقل بنتا ہے - اور طرح طرح کے مصائب شدیدہ سے صیقل کرکے اُس کو آئینہ کا درجہ عطا کر دیتا ہے - دراصل سالک مجذوب دونو کا ایک ہی نتیجہ ہے - سو متقی کے دو حصے ہیں سلوک وجذبہ تقوے جیسے کہ میں بیان کر آیا ہوں - کسی قدر تکلف کو چاہتا ہے - اسی لئے تو فرمایا - کہ ہدیً للمتقین الذین یومنون بالغیب الخ - اس میں ایک تکلف ہے - مشاہدہ کے مقابل ایمان بالغیب لانا ایک قسم کے تکلف کو چاہتا ہے - سو متقی کے لئے ایک حد تک تکلف ہے - کیونکہ جب وہ صالح کا درجہ حاصل کرتا ہے - تو پھر غیب اُس کے لئے غیب نہیں رہتا - کیونکہ صالح کے اندر سے ایک نہر نکلتی ہے جو اس میں سے نکلکر خدا تک پہونچتی ہے - وہ خدا اور اُس کی محبت کو اپنی آنکھ سے دیکھتا ہے - کہ من کان فی ہذہ اعمیٰ فھو فی الاخرت اعمیٰ - اسی سے ظاہر ہوتا ہے کہ جب تک انسان پوری روشنی اسی جہان میں نہ حاصل کرے وہ کبھی خدا کا مونہہ نہ دیکھیگا سو متقی کا کام یہی ہے - کہ وہ ہمیشہ ایسے سرمے طیار کرتا ہے - جس سے اُس کا روحانی نزول الماء دور ہو جاوے - اب اس سے ظاہر ہے - کہ متقی شروع میں اندھا تو ہے - مختلف کوششوں اور تزکیوں سے وہ نور حاصل کرتا ہے - سو جب سوچا کھا ہو گیا - اور صالح بن گیا - پھر ایمان بالغیب نہ رہا - اور تکلف بھی ختم ہو گیا - جیسے کہ رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کو برائے العین اسی عالم میں ---- بہشت دوزخ وغیرہ سب کچھ مشاہدہ کرایا گیا - جو متقی کو ایک ایمان بالغیب کے رنگ میں ماننا پڑتا ہے - وہ تمام آپ کے مشاہدہ میں آگیا - سو اس آیت میں اشارہ ہے کہ متقی اگرچہ اندھا ہے - اور تکلف کی تکلیف میں ہے لیکن صالح ایک دار الامان میں آگیا ہے - اور اُس کا نفس نفس مطمئنہ ہو گیا ہے - متقی اپنے اندر ایمان بالغیب کی کیفیت رکھتا ہے - وہ اندھا دھند طریق سے چلتا ہے اُس کو کچھ خبر نہیں ہر ایک بات پر اُس کا ایمان بالغیب ہے - یہی اُسکا صدق ہے - اور اس صدق کے مقابل خدا کا وعدہ ہے - کہ وہ فلاح پاوے گا - اُولٰئک ہم المفلحون -

اس کے بعد متقی کی شان میں آیا ہے - ویقیمون الصلوٰۃ یعنے وہ نماز کو کھڑی کرتا ہے - یہاں لفظ کھڑی کرنے کا آیا ہے - یہ بھی اُس تکلف کی طرف اشارہ کرتا ہے - جو متقی کا خاصہ ہے - یعنے جب وہ نماز شروع کرتا ہے - تو طرح طرح کے وساوس کا اُسے مقابلہ ہے - جن کے باعث اُس کی نماز گویا بار بار گرتی پڑتی ہے - جس کو وہ اُسے کھڑا کرتا ہے - جب اُس نے اللہ اکبر کہا - تو ایک ہجوم وساوس ہے - جو اُس کے حضور قلب میں تفرق

ڈال رکھا ہے - وہ اسے کہیں کا کہیں پہونچ جاتا ہے - پریشان ہوتا ہے - ہر چند حضور و ذوق کے لیے لڑتا مرتا ہے - لیکن نماز جو گری پڑتی ہے - بڑی جانکنی اوسے کھڑا کرنے کے فکر میں ہے - بار بار ایاک نعبد و ایاک نستعین کہہ کر نماز کے قائم کرنے کے لئے دعا مانگتا ہے - اور اہدنا الصراط المستقیم کی ہدایت چاہتا ہے جس سے اس کی نماز کھڑی ہو جاوے - ان وساوس کے مقابل میں متقی ایک بچہ کی طرح ہے جو خدا کے آگے گر گراتا ہے - روتا ہے - اور کہتا ہے - کہ میں اخلد الی الارض ہو رہا ہوں - سو یہی وہ جنگ ہے جو متقی کو نماز میں نفس کے ساتھ کرنا ہے - اور اسی پر ثواب مترتب ہوگا -

بعض لوگ ایسے سمجھتے ہیں جو نماز میں وساوس کو فی الفور دور کرنا چاہتے ہیں - حالانکہ ویقیمون الصلوٰة کی منشاء پر کچھ اور ہے کیا خدا نہیں جانتا - حضرت شیخ عبد القادر گیلانی کا قول ہے کہ ثواب اسوقت تک ہے - جبتک مجاہدات ہیں - اور جب مجاہدات ختم ہوئے - تو ثواب ساقط ہو جاتا ہے - گویا صوم و صلوٰة اس وقت تک اعمال ہیں جب تک ایک جد و جہد سے وساوس کا مقابلہ ہے - لیکن جب اُن میں ایک اعلےٰ درجہ پیدا ہو گیا اور صاحب صوم و صلوٰة تقوے کے تکلف سے بچکر صلاحیت سے رنگین ہو گیا - تو اب صوم و صلوٰة اعمال نہیں رہے - اسی طرح پر انہوں نے سوال کیا ہے - کہ کیا اب نماز معاف ہو جاتی ہے - کیونکہ ثواب تو اسوقت تک تھا - جسوقت تک تکلف کرنا پڑتا تھا - سو بات یہ ہے کہ نماز اب عمل نہیں بلکہ ایک انعام ہے -

یہ نماز اسکی ایک غذا ہے - اسکے لئے قرة العین ہے - یہ گویا نقد بہشت ہے -

مقابل میں وہ لوگ جو مجاہدات میں ہیں - وہ کشتی کر رہے ہیں اور یہ نجات پا چکا ہے - سو اسکا مطلب یہ ہے کہ انسان کا سلوک جب ختم ہوا - تو اس کے مصائب بھی ختم ہو گئے - مثلاً ایک مخنث اگر کہے کہ وہ کبھی کسی عورت کی طرف نظر اٹھا کر نہیں دیکھتا - تو وہ کونسی نعمت یا ثواب کا مستحق ہے اوسمیں تو صفت بد نظری ہے ہی نہیں - لیکن ایک مرد صاحب جوانی اگر ایسا کرے تو ثواب پاوے گا - اسی طرح انسان کو ہزاروں مقامات طے کرنے پڑتے ہیں بعض بعض امور میں اسکی مشاقی اُسکو قادر کر دیتی ہے - نفس کے ساتھ اسکی مصالحت ہو گئی - اب وہ ایک بہشت میں ہے - لیکن وہ پہلا سا ثواب نہیں رہیگا - وہ ایک تجارت کر چکا ہے - جس کا اب نفع اٹھا رہا ہے - لیکن پہلا رنگ نہ رہیگا - انسان میں ایک فعل تکلف سے کرتے کرتے اسمیں طبیعت کا رنگ پیدا ہو جاتا ہے - ایک شخص جو طبعی طور سے لذت پاتا ہے وہ اس قابل نہیں رہتا کہ اسکام سے ہٹایا جاوے - وہ طبعاً ہٹانے سے ہٹ نہیں سکتا - سو تقا اور تقوے کی حد تک پورا انکشاف نہیں ہوتا -

وہ ایک قسم کا دعوے ہے۔

اس کے بعد متقی کی شان میں وممارزقنٰہم ینفقون آیا ہے۔ یہاں متقی کے لیے مِمَّا کا لفظ استعمال کیا۔ کیونکہ اسوقت وہ ایک اعمیٰ کی حالت میں ہے۔ سلئے کہ جو کچھ خدا نے اُسکو دیا اُسمیں سے کچھ خدا کے نام کا دیا حق یہ ہے کہ اگر وہ آنکھ رکھتا۔ تو دیکھ لیتا کہ اوس کا کچھ بھی نہیں۔ سب خدا کا ہی ہے۔ یہ ایک حجاب تھا۔ جو تقا میں لازمی ہے۔ اسحالت اتقا کے تقاضے نے متقی سے خدا کے دینے میں سے کچھ دلوایا۔ رسول اکرمؐ نے حضرت عائشہؓ سے ایام وفات میں دریافت فرمایا کہ گھر میں کچھ ہے؟ معلوم ہوا کہ ایک دینار تھا۔ فرمایا کہ یہہ سیرت یگانگت سے بعید ہے۔ کہ ایک چیز بھی اپنے پاس رکھی جاوے۔ رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم اتقا کے درجہ سے گذر کر صلاحیت تک پہنچ چکے تھے۔ اس لئے مما ان کی شان میں نہ آیا۔ کیونکہ وہ اندھا ہے جسنے کچھ اپنے پاس رکھا اور کچھ خدا کو دیا لیکن یہ لازمۂ متقی تھا۔ کیونکہ خدا کے راہ دینے میں بھی اُسے نفس کیساتھ جنگ تھا۔ جس کا نتیجہ یہ تھا کہ کچھ دیا اور کچھ رکھا۔ وہاں رسول اکرم نے سب خدا کو دیا۔ اور اپنے لئے کچھ نہ رکھا۔

جیسے ہم حصہ تصوف کے مضمون میں انسان کی تین حالتیں ذکر کی گئی ہیں۔ جو انسان پر ابتدا سے انتہا تک وارد ہوتی ہیں۔ اسی طرح یہاں بھی قرآن نے جو انسان کو تمام مراحل ترقی کے طے کرانے آیا۔ اتقا سے شروع کیا۔ یہ ایک تکلف کا رستہ ہے۔ یہہ ایک خطرناک میدان ہے اُس کے ہاتھ میں تلوار ہے اور مقابل بھی تلوار ہے۔ اگر بچ گیا۔ تو نجات پا گیا۔ والا اسفل السافلین میں پڑ گیا۔ چنانچہ یہاں متقی کی صفات میں یہہ نہیں فرمایا۔ کہ جو کچھ ہم دیتے ہیں اُسی سب کا سب خرچ کر دیتا ہے۔ متقی ابھی اس قدر ایمانی طاقت نہیں رکھتا جو نبی کی شان ہوتی ہے۔ کہ وہ ہمارے ہادی کامل کی طرح کل کا کل دیا ہوا خدا کا خدا کو دیدے۔ اسی لئے پہلے مختصر سا ٹیکس لگایا گیا۔ تاکہ چاشنی چکھ کر زیادہ کے لئے طیار ہو جاوے۔ وممارزقنٰہم ینفقون۔ رزق سے مراد صرف مال نہیں۔ بلکہ جو کچھ اُن کو عطا ہوا۔ علم۔ حکمت۔ طبابت یہ کچھ رزق میں ہی شامل ہے۔ اُسکو اسی میں سے خدا کی راہ میں بھی خرچ کرتا ہے۔ انسان نے اُس راہ میں بتدریج اور زینہ بہ زینہ ترقی کرنا ہے۔ اگر انجیل کی طرح یہہ تعلیم ہوتی۔ کہ گال پر ایک طمانچہ کھا کر دوسرے طمانچہ کے لئے گال آگے رکھدی جاوے۔ یا سب کچھ دے دیا جاوے۔ تو اُس کا نتیجہ یہہ ہوتا۔ کہ مسلمان بھی عیسائیوں کی طرح تعلیم کے ناممکن التعمیل ہونے

کے باعث ثواب سے محروم رہتے۔ لیکن قرآن تو حسب فطرت انسانی آہستہ آہستہ ترقی کراتا ہوا انجیل کی مثال تو اُس لڑکے کی ہے۔ جو مکتب میں داخل ہوتے ہی بڑی مشکل کتب کی کتاب پڑھنے کے لیئے مجبور کیا گیا ہے۔ اللہ تعالےٰ حکیم ہے۔ اُسکی حکمت کا بھی تقاضا ہونا چاہیئے تھا۔ کہ تدریج کے ساتھ تعلیم کی تکمیل ہو۔

اس کے بعد متقی کے لیئے فرمایا۔ والذین یومنون بما اُنزل الیک وما اُنزل من قبلک و بالآخرۃ ہم یوقنون۔ یعنے متقی وہ ہوتے ہیں جو پہلے نازل شدہ کتب پر اور تجھ پر جو کتاب نازل ہوئی اُس پر اور آخرت پر یقین رکھتے ہیں۔ یہ امر بھی تکلف سے خالی نہیں۔ یہاں ایک عجوبہ ہے یکہ رنگ میں ہے۔ متقی کی آنکھیں معرفت اور بصیرت کی نہیں۔ اُس نے تقوے سے شیطان کا مقابلہ کرکے ابھی ایک بات کو مان لیا ہے یہی حال اسوقت ہماری جماعت کا ہے۔ اُنہوں نے بھی تقوے سے مانا تو ہے۔ اور ابھی وہ نہیں جانتے۔ کہ یہ جماعت کہاں تک نشو ونما اِنکی ہاتھوں سے پانے والی ہے۔ سو یہ ایک ایمان ہے۔ جو بالآخر فائدہ رساں ہوگا۔

یقین کا لفظ عام طور پر جب استعمال ہو۔ تو اس سے مراد اسکا اونٹے درجہ ہوتا ہے۔ یعنے علم کے تین مدارج میں سے ادنیٰ درجہ کا علم یعنے علم الیقین اس درجہ پر اتقا والا ہوتا ہے۔ مگر بعد اس کے عین الیقین اور حق الیقین کا مرتبہ بھی تقوے کے مراحل طے کرنے کے بعد حاصل کر لیتا ہے۔

تقوے کوئی چھوٹی چیز نہیں۔ اس کے ذریعہ اُن تمام شیطانوں کا مقابلہ کرنا ہوتا ہے۔ جو انسان کے ہر ایک اندرونی طاقت و قوت پر غلبہ پائی ہوئی ہیں۔ یہ تمام قوتیں نفس امّارہ کی حالت میں انسان کے اندر شیطان ہیں۔ اگر اصلاح نہ پائیں گے تو انسان کو غلام کر لیں گے۔ علم و عقل ہی بُرے طور پر استعمال کر شیطان ہو جاتے ہیں۔ متقی کا کام انکی اور ایسا ہی اور کل قوے کی تعدیل کرنا ہے۔ ایسا ہی جو لوگ انتقام۔ غضب یا نکاح کو ہر حال میں بُرا جانتے ہیں۔ وہ بھی صحیفۂ قدرت کے مخالف ہیں اور قوے انسانی کا مقابلہ کرتے ہیں۔ سچا مذہب وہی ہے۔ جو انسانی قوے کا مربی ہو نہ کہ اُن کا استیصال کرے۔ رجولیت یا غضب جو خدا تعالیٰ کی طرف سے فطرت انسانی میں رکھے گئے ہیں۔ اُن کو چھوڑنا خدا کا مقابلہ کرنا ہے۔ جیسے ترک دنیا ہو یا راہب بنجانا۔ یہ تمام حق العباد کو تلف کرنیوالے ہیں۔ اگر یہ امر ایسا ہی ہوتا۔ تو گویا اُس خدا پر اعتراض ہے۔ جس نے یہ قوے ہم میں پیدا کیئے۔ سو ایسی تعلیمیں جو انجیل میں ہیں۔ اور جن سے قوے کا استیصال لازم آتا ہے۔ ضلالت تک پہونچاتی ہیں۔ اللہ تعالےٰ تو

اس کی تعدیل کا حکم دیتا ہے - ضائع کرنا پسند نہیں کرتا - جیسے فرمایا - ان اللہ یامر بالعدل و الاحسان الخ عدل ایک ایسی چیز ہے - جس سے سب کو فائدہ اٹھانا چاہیے مسیح کا یہہ تعلیم دینا کہ اگر تو بُری آنکھ سے دیکھے - تو آنکھ نکال ڈال اس میں اور قوے کا استعمال ہے - کیوں تعلیم ایسی نہ کی کہ تو غیر محرم عورت کو ہرگز نہ دیکھ - اجازت ہوتی کہ دیکھ تو ضرور - لیکن زنا کی آنکھ سے نہ دیکھ - دیکھنے سے تو ممانعت ہی نہیں - دیکھے گا تو ضرور بعد دیکھنے کے دیکھنا چاہیے کہ اُس کے قوے پر کیا اثر ہوگا - کیوں نہ قرآن کی طرح آنکھ کو ٹھوکر والی چیز کے دیکھنے سے روکا - اور آنکھ جیسی مفید اور قیمتی چیز کو ضائع کر دینے کا افسوس لگایا -

آجکل پردہ پر حملے کئے جاتے ہیں - لیکن یہ لوگ جانتے نہیں کہ اسلامی پردہ سے مراد زندان نہیں - بلکہ ایک قسم کی روک ہے - کہ غیر مرد اور عورت ایک دوسرے کو نہ دیکھ سکے - جب پردہ ہوگا ٹھوکر سے بچیں گے - ایک منصف مزاج کہہ سکتا ہے - کہ ایسے لوگوں میں جہاں غیر مرد و عورت اکٹھے بلا تامل اور بے محابا مل سکیں - سیریں کریں - کیوں کر جذبات نفس سے اضطراراً ٹھوکر نہ کھائیں گے - بسا اوقات سننے دیکھنے میں آیا ہے - کہ ایسی قومیں غیر مرد و عورت کو ایک مکان میں تنہا رہنے کو حالانکہ دروازہ بھی بند ہو کوئی عیب نہیں سمجھتے - یہ گویا تہذیب ہے - اِن ہی بد نتائج کو روکنے کے لئے شارع اسلام نے وہ باتیں کرنے ہی کی اجازت نہ دی - جو کسی کی ٹھوکر کا باعث ہوں - ایسے موقع میں یہہ کہدیا کہ جہاں اس طرح دو غیر محرم مرد و عورت جمع ہوں تیسرا اُن میں شیطان ہوتا ہے - اون ناپاک نتائج پر غور کرو - جو یورپ اس خلیع الرسن تعلیم سے بھگت رہا ہے - بعض جگہ بالکل قابل شرم طوائفانہ زندگی بسر کی جا رہی ہے - یہہ انہیں تعلیموں کا نتیجہ ہے اگر کسی چیز کو خیانت سے بچانا چاہتے ہو - تو حفاظت کرو - لیکن اگر حفاظت نہ کرو - اور یہہ سمجھ رکھو کہ بھلے مانس لوگ ہیں - تو یاد رکھو کہ وہ ضرور وہ چیز تباہ ہوگی - اسلامی تعلیم کیا پاک تعلیم ہے - کہ جس نے مرد و عورت کو الگ رکھ کر ٹھوکر سے بچایا اور انسان کی زندگی حرام اور تلخ نہیں کی جس سے یورپ نے آئے دن کی خانہ جنگیاں اور خودکشیاں دیکھیں - بعض شریف عورتوں کا طوائفانہ زندگی بسر کرنا - ایک عملی نتیجہ اُس اجازت کا ہے - جو غیر عورت کو دیکھنے کے لیے دیگئی

اللہ تعالے نے جسقدر قوے عطا فرمائے - وہ ضائع کرنیکے لئے نہیں دیئے گئے - اُن کی تعدیل اور جائز استعمال کرنا ہی اُن کی نشو و نما ہے - اس واسطے اسلام نے قوے رجولیت یا آنکھ کے نکالنے کی تعلیم نہیں

دی۔ بلکہ اُن کا جائز استعمال اور تزکیہ نفس کیا۔ جیسے فرمایا۔ قد افلح المومنون اور ایسے یہاں بھی کہا متقی کی زندگی کا
نقشہ کھینچکر آخر میں بطور نتیجہ یہ کہا۔ اولئک ہم المفلحون۔ یعنے وہ لوگ جو تقوے پر قدم مارتے ہیں۔ ایمان
بالغیب لاتے ہیں۔ نماز ڈگمگاتی ہے۔ پھر اُسے کھڑا کرتے ہیں۔ خدا کے دیئے سے دیتے ہیں۔ باوجود
خطرات نفس بلا سوچے گذشتہ اور موجودہ کتاب اللہ پر ایمان لاتے ہیں۔ اور آخر کار وہ یقین تک پہنچ جاتے ہیں
۔ یہی وہ لوگ ہیں۔ جو ہدایت کے سر پر ہیں۔ وہ ایک ایسی سڑک پر ہیں۔ جو برابر آگے کو جا رہی ہے۔
